کا پہلا ہندسہ ۶ نہیں نکل سکتا اب ان دونوحاصلضربوں کو جو ابھی نکالے ہیں جمع کر کے دیکھا تو معلوم ہوا کہ حاصلجمع میں تیسرا ہندسہ ۴ آتا ہے لیکن آخری حاصلضرب میں ہمکو تیسرے ہندسے کی جگہ ۴ مطلوب ہے لہذا مضروب فیہ کے سیکڑے کے ہندسہ میں جو ضرب دیجائیگی اس حاصلضرب مین پہلا ہندسہ ۱ ہونا چاہیئے ۔ لہذا مضروب فیہ کا تیسرا ہندسہ ۹ ہونا چاہیئے کیونکہ ۹ کو کسی اور ہندسہ میں ضرب دینے سے حاصل ضرب میں پہلے ہندسہ کی جگہ انہیں آسکتا ۔ لہذا مضروب فیہ ۹۴۲ ہونا چاہیئے ۔

(۲) ۵ ہنڈرویٹ ۳ کوارٹر ۱۴ پونڈ = ۶۵۸ پونڈ ۶۵۸ پونڈ کی قیمت بشرح ۶ پونڈ فی ہنڈرویٹ = $\frac{۶۵۸}{۱۱۲} \times ۶$ پونڈ = ۳۵ پونڈ ۵ شلنگ ۳۵ پونڈ ۵ شلنگ - ۷ پونڈ ۱۶ شلنگ ۸ پنس = ۲۷ پونڈ ۸ شلنگ ۴ پنس ∴ قیمت مطلوبہ فی پونڈ = ۲۷ پونڈ ۸ شلنگ ۴ پنس ÷ ۶۵۸ = ۱۰ پنس ۔

(۳) ۳۲ گز - $\frac{۱}{۲}$ انچ = $\frac{۲۳۰۳}{۲}$ انچ ∴ لکڑی کی لمبائی = $\frac{۲۳۰۳}{۲}$ انچ ÷ ۴۱ = $\frac{۲۳۰۳}{۸۲}$ انچ اب ۴۴ گز ÷ $\frac{۲۳۰۳}{۸۲}$ انچ = $\frac{۸۲ \times ۳۶ \times ۴۴}{۲۳۰۳}$ = ۵۶ $\frac{۹۲۰}{۲۳۰۳}$

∴ ۴۴ گز کا فاصلہ ایسی ۵۶ لکڑیوں کے برابر ہوگا اور $\frac{۲۳۰۳}{۸۲}$ کا $\frac{۹۲۰}{۲۳۰۳}$ انچ فاصلہ باقی بچیگا لیکن $\frac{۲۳۰۳}{۸۲}$ کا $\frac{۹۲۰}{۲۳۰۳}$ انچ ∴ ۱۱ $\frac{۹}{۴۱}$ انچ کا فاصلہ باقی بچیگا ۔

(۴) ۵ و ۶ و ۹ کا ذو اضعاف اقل = ۹۰ اب چونکہ ۹۰ × ۱۱ = ۹۹۰ اور ۱۲ × ۹۰ = ۱۰۸۰ لہذا چھوٹے سے چھوٹا ایسا عدد جو ۱۰۰۰ سے بڑا ہو اور ۵ و ۶ و ۹ پر پورا تقسیم ہوجائے ۱۰۸۰ ہے ∴ عدد مطلوبہ = ۱۰۸۰ + ۳ = ۱۰۸۳

(۵) ۱۰۰ پونڈ - ۴۸ نصف کرون = ۱۰۰ پونڈ - ۹۶ پونڈ = ۴ پونڈ ∴ ۹۶ پونڈ میں گنی اور نصف کرون کی تعداد مساوی ہے لیکن گنی + نصف کرون = ۲۱ شلنگ +

۲ شلنگ ۶ پنس = ۲۳ شلنگ ۶ پنس ∴ تعداد گنی مطلوبہ = ۹۴ پونڈ ÷ ۲۳ شلنگ ۶ پنس

= ۸۰ ∴ تعداد نصف کردن = ۸۰ + ۴۸ = ۱۲۸

(۶) فرض کرو کہ آ کے پاس ۲ اور ب کے پاس ۱ روپیہ ہے پہلی بازی کے بعد آ کے پاس (۲-۲ کا $\frac{1}{3}$) یا $\frac{4}{3}$ اور ب کے پاس (۱+۲ کا $\frac{1}{3}$) یا $\frac{5}{3}$ روپئے ہونگے ∴ دوسری بازی میں آ کو ($\frac{5}{3}$ - $\frac{4}{3}$) یا $\frac{1}{6}$ کا $\frac{1}{2}$ جیتنا چاہئے اب ہمکو یہ معلوم کرنا چاہئے کہ $\frac{5}{3}$ کی کونسی کسر ہے ∴ کسر مطلوبہ = $\frac{1}{6} \div \frac{5}{3} = \frac{1}{10}$

(۷) ۱$\frac{5}{28}$ و ۲$\frac{2}{21}$ و ۳$\frac{1}{7}$ کا ذو اضعاف اقل = $\frac{132}{7}$ اور $\frac{132}{7}$ کا چھوٹے سے چھوٹا ضعف جو صحیح عدد ہے وہ ۱۳۲ ہے ∴ عدد مطلوبہ ۱۳۲ ہے

(۸) ۲ شلنگ - ۱ شلنگ ۴ پنس = ۸ پنس اور ۹ پونڈ ۲ شلنگ ۴ پنس = ۲۲۰۰ پنس جبکہ انکم ٹیکس میں ۸ پنس کا فرق ہوتا ہے تو ۱ پونڈ انکی آمدنی ہوتی ہے

∴ 〃 ۱ پنس کا فرق ہوگا تو $\frac{1}{8}$ پونڈ آمدنی ہوگی

∴ 〃 ۲۲۰۰ 〃 تو $\frac{2200}{8}$ = ۲۷۵ پونڈ ہوگی - جواب

(۹) ۱ مکعب فٹ میں $\frac{1000}{16}$ پونڈ ÷ (۱$\frac{1}{4}$ پونڈ × ۸) = $\frac{1000}{16} \div 10 = \frac{1000}{16} \div$

۱۰ = $\frac{100}{16}$ = ۶$\frac{1}{4}$ گیلن پانی آئیگا حوض کی جسامت = ۵ × ۲ × $\frac{1}{2}$ × ۲ = ۲۵ مکعب فٹ

∴ اسمیں ۲۵ × ۶$\frac{1}{4}$ یا ۱۵۶$\frac{1}{4}$ گیلن پانی آئیگا -

(۱۰)(۱) ۱ ٹن پانی کا حجم = $\frac{20 \times 4 \times 28 \times 16}{1000}$ مکعب فٹ = $\frac{20 \times 4 \times 28 \times 16 \times 28 \times 28 \times 17}{1000}$

مکعب انچ = $\frac{20 \times 4 \times 28 \times 16 \times 28 \times 28 \times 17}{1000 \times 4 \times 27 \text{ر } 27 \times 4}$ = ذخیرہ ۳۵۸ ر ۲۲۴ گیلن جواب

(۲) ۱ مکعب فٹ پانی کا وزن = ۱۰۰۰ اونس

∴ ۱ مکعب انچ 〃 = $\frac{1000}{1728}$ 〃

∴ ۲۷۷٫۲۷۴ مکعب انچ یا ۱ گیلن پانی کا وزن = $\frac{۲۷۷۲۷۴}{۱۷۲۸}$ اونس

∴ ۱ پنٹ " = $\frac{۲۷۷۲۷۴}{۸\times۱۷۲۸}$ "

= وغیرہ ۲۰٫۰۵۷ اونس جواب

(۱۱) ۱ پنٹ میں $\frac{۱۷۲۸\times(\frac{۱}{۸}\times\frac{۱}{۴۳}\times\frac{۱}{۲۵})}{۸\times۱۹۲}$ = ۳۴ $\frac{۲}{۳}$ مکعب انچ پانی آئیگا

(۲) اگر ۱ مکعب فٹ کا وزن ۱۰۰۰ اونس ہو تو ۱ مکعب انچ کا $\frac{۱۰۰۰}{۱۷۲۸}$ × $\frac{۷۰۰۰}{۱۶}$ گرین یا

وغیرہ ۱۸۲٫۲۵۳ گرین ہوگا اگر ۱ مکعب گز کا وزن $\frac{۲}{۳}$ ٹن ہو تو ۱ مکعب انچ کا $\frac{۷۰۰۰\times۱۱۲\times۲۰\times۲}{۱۲۸\times۲۷}$

گرین یا وغیرہ ۲۵۲٫۰۵۷ گرین ہوگا وغیرہ ۱۸۲٫۲۵۳ اور وغیرہ ۲۵۲٫۰۵۷ میں

سے چونکہ دوسرا وزن ۲۵۲٫۴۵۸ کے زیادہ قریب ہے لہذا دوسرا وزن زیادہ صحیح ہے

(۱۳) $\frac{۵۲}{۱۰۰۰}$ گیلن = ۱ ڈیسی لائٹر ∴ ۱ گیلن = $\frac{۱۰۰۰}{۵۲}$ ڈیسی لائٹر ∴ ۱ پنٹ = $\frac{۱۲۵}{۵۲}$

ڈیسی لائٹر ∴ ۱ پنٹ کی قیمت = $\frac{۱۲۵}{۵۲}$ × ۲ ڈینک = $\frac{۱۲۵}{۲۶}$ × $\frac{۴۹}{۱۲۰۰}$ پونڈ = ۳ شلنگ

۱۱ $\frac{۳}{۲۶}$ پنس۔

(۱۴) آخری ۳ روز تک ۱ گھنٹہ روز زیادہ کام کرنیکا پہلے آدمی کو روزانہ مزدوری کا $\frac{۱}{۸}$ دوسرے کو

$\frac{۱}{۹}$ اور تیسرے کو $\frac{۱}{۱۰}$ ملیگا لہذا پہلے آدمی کو ۶ $\frac{۳}{۸}$ دن کی دوسرے کو ۶ $\frac{۳}{۹}$ دن کی اور تیسرے کو ۶ $\frac{۳}{۱۰}$

دن کی مزدوری ملیگی اب ۲ پونڈ ۷ شلنگ ۶ $\frac{۱}{۴}$ پنس کو ۶ $\frac{۳}{۸}$ و ۶ $\frac{۳}{۹}$ و ۶ $\frac{۳}{۱۰}$ کی نسبت سے

تقسیم کیا تو پہلے آدمی کا حصہ ۵ شلنگ ۱۱ $\frac{۱}{۴}$ پنس دوسرے کا ۵ شلنگ ۱۰ پنس اور تیسرے کا ۱۵

شلنگ ۹ پنس نکلا۔

(۱۵) چونکہ انکا فرق بڑے عدد کے $\frac{۱}{۴}$ کے برابر ہے لہذا چھوٹا عدد بڑے کا $\frac{۲}{۳}$ ہے ∴ بڑے

عدد کا $\frac{۲}{۳}$ = ۵۷۶۰ ∴ بڑا عدد = ۵۷۶۰ ÷ $\frac{۲}{۳}$ = ۳۴۵۶ ∴ چھوٹا عدد =

۵۷۶۰ − ۳۴۵۶ = ۲۳۰۴

(۱۶) چونکہ دوسرے پیمانے میں سے پہلے پیمانے کی نسبت ۴۶ کوارٹ شراب زیادہ نکالی گئی ہے لہذا پہلے پیمانے میں اب دوسرے سے ۴۶ کوارٹ زیادہ ہوگی لیکن چونکہ پہلے پیمانے میں اب دوسرے سے دگنی شراب ہے ∴ دوسرے پیمانے میں اب ۴۶ کوارٹ ہوگی ∴ اس میں پہلے (۴۶ + ۸۰) یا ۱۲۶ کوارٹ شراب تھی۔

(۱۷) اگر ایک ہنڈرویٹ کی قیمت ۱ روپیہ ہو تو ۱ پونڈ کی $\frac{1}{112}$ روپیہ = $\frac{1}{2}$ آنہ ہوگی یہی اسکا ثبوت ہے

(۱۸) ۲ مرد = ۵ لڑکے ∴ ۱ مرد = $\frac{5}{2}$ لڑکے ∴ ۵ مرد = $\frac{25}{2}$ لڑکے اور ۲ عورتیں = ۳ لڑکے ∴ ۱ عورت = $\frac{3}{2}$ لڑکے ∴ ۷ عورتیں = $\frac{21}{2}$ لڑکے ∴ ۵ مرد ۷ عورتوں اور ۱۳ لڑکوں کو اتنا ملیگا جتنا ($\frac{25}{2} + \frac{21}{2} + 13$) یا ۳۶ لڑکوں کو ملتا ہے لہذا لڑکے کا حصہ = ۷۲ روپئے ÷ ۳۶ = ۲ روپئے ∴ عورت کا حصہ = ۲ × $\frac{3}{2}$ = ۳ روپئے اور مرد کا حصہ = ۲ × $\frac{5}{2}$ = ۵ روپئے

(۱۹) دوسرا پنکھا ۴ منٹ میں ۴۳۱ گردشیں کرتا ہے ∴ ۲۴ منٹ میں وہ ۲۵۸۶ گردشیں کریگا مگر پہلا پنکھا ۳ منٹ میں ۳۲۹ گردشیں کرتا ہے ∴ ۲۴ منٹ میں وہ ۳۲۹ × ۸ = ۲۶۳۲ گردشیں کریگا

(۲۰) ۱ سکنڈ وہ ٹرین $\frac{۳ \times ۱۷۶۰ \times ۴۵}{۲ \times ۶۰ \times ۶۰}$ = ۳۳ فٹ چلتی ہے ∴ ۱ سکنڈ میں انجن کا پہیا ۳۳ فٹ ÷ ۱۱ فٹ = ۳ گردشیں کریگا۔

(۲۱) ۱ جانور کی قیمت = ۱ شلنگ ۲ پنس ۵ فیروں کا خرچ = ۱۰ پنس اور ۱ شلنگ ۲ پنس = ۱۰ پنس = ۵ پنس ∴ اسکو ۱۵ شلنگ ÷ ۵ پنس = ۳۶ جانور ملنے چاہئیں۔

(۲۲) نسب نما مطلوبہ = ۱۵۷ کو ۲۷ پر تقسیم کرنے سے جو خارج قسمت نکلتا ہے = ۴۲۴

(۲۳) اگر وہ ہر روز اتنے روپئے صرف کرتا جتنے روز وہ سفر میں رہا ہے تو اس کے ۲۰۰ روپئے خرچ ہوتے لہذا وہ ۲۰۰ ÷ ۱۰ = ۲۰ روز سفر میں رہا۔

(۲۴) $(1\frac{1}{4})^2 \times \frac{1}{8}$: $(1\frac{1}{2})^2 \times \frac{1}{9}$ :: $1\frac{1}{4}$ اونس : جواب

یعنی $\frac{7\times7}{8\times8\times9}$: $\frac{8\times8}{9\times7\times7}$ :: $\frac{5}{4}$ اونس : جواب

$\therefore$ $\frac{8\times8\times9\times9\times5\times8\times8}{7\times7\times7\times4\times9\times7\times7}$ = $1\frac{159}{2401}$ اونس جواب

(۲۵) آبادی مطلوبہ = (۲۴۰۰۰۰ کی ۶ر۱۶ فیصدی) × ۳ = $\frac{1}{4}$ × ۲۴۰۰۰۰ × ۳ = ۱۲۰۰۰۰

(۲۶) ۱۰ میٹر = ۱ر۷۲۹۳ انچ $\therefore$ ۱ آر = ۱ر۷۲۹۳ × ۱ر۷۲۹۳ مربع انچ $\therefore$

۱ ہیکٹیر = ۱ر۷۲۹۳ × ۱ر۷۲۹۳ × ۱۰۰ = ۱۵۵۰۰۷۵۶ر۴۱ مربع انچ = ۱۱۹۶۰ مربع گز ۴ مربع فٹ ۲۰ر۴۱ مربع انچ

(۲۷) ۵ دن = ۱۲۰ گھنٹے اور ۳ دن ۱۸ گھنٹے = ۹۰ گھنٹے

$\therefore$ ۱۲۰ گھنٹے کا پانی = ۶۰۰۰ مکعب فٹ + ۹۰ گھنٹے کا پانی

$\therefore$ ۳۰ " = ۶۰۰۰ "

$\therefore$ ۱۲۰ " = ۲۴۰۰۰ "

$\therefore$ اس حوض کی جسامت = ۲۴۰۰۰ مکعب فٹ $\therefore$ اسکی گہرائی = ۲۴۰۰۰ ÷ (۶۰ × ۴۰) = ۱۰ فٹ

(۲۸) ۵۱۳۰ روپے کی قیمت نقد جواب سے ۴ مہینے کے بعد واجب الادا ہیں بشرح ۴ فیصدی فی سال ۵۰۶۲ روپے ۸ آنہ ہے اور ۹۱۶۷ روپے ۱۰ آنہ ۸ پائی + ۵۰۶۲ روپے ۸ آنہ = ۱۴۲۳۰ روپے ۱۲ آنہ ۸ پائی = $14230\frac{1}{4}$ روپے

$21345\frac{1}{4}$ روپے : ۱ روپیہ :: $14230\frac{1}{4}$ روپے : جواب

$\therefore$ $\frac{4\times85381}{4\times85381}$ روپے = ۲ روپے = ۱۰ آنہ ۸ پائی جواب

(۲۹) اگلے پہیے کا محیط = $1\frac{3}{4}$ × ۳ر۱۴۱۶ = ۷ × ۸۵۴۷ر = ۵ فٹ ۴۹۷۸ر

اور پچھلے پہیے کا محیط = ۳ × ۱۴۱۶ ر = ۴۲۴۸ ر ۹ فٹ ∴ ۴۲۴۸ ر ۹ فٹ چلنے میں پہلا پہیا اور اگلا $\frac{۴۲۴۸ ر ۹}{۴۹۷ ر ۵}$ یا $\frac{۵}{۷}$ گردش کریگا ∴ اگلا پہیا پچھلے پہیے سے ۴۲۴۸ ر ۹ فٹ چلنے میں $\frac{۵}{۷}$ گردش زیادہ کرتا ہے ∴ ۵ گردشیں وہ ۴۲۴۸ ر ۹ × ۷ فٹ چلنے میں زیادہ کریگا ∴ ۱۰۰ گردشیں زیادہ وہ ۴۲۴۸ ر ۹ × ۷ × ۲۰ یا ۱۳۱۹ ر ۴۷۲ فٹ چلنے میں کریگا۔

(۳۰) ۷۲ پونڈ کی قیمت بحساب ۴ شلنگ ۳ ½ پنس فی پونڈ کے = ۴ شلنگ ۳ ½ پنس × ۷۲ = ۱۵ پونڈ ۹ شلنگ ۲۸ پونڈ کی قیمت بحساب ۴ شلنگ ۷ ½ پنس = ۴ شلنگ ۷ ½ پنس × ۲۸ = ۵ پونڈ ۱ شلنگ ۶ پنس ∴ ۱۰۰ پونڈ مرکب کی قیمت = ۱۵ پونڈ ۹ شلنگ + ۵ پونڈ ۱ شلنگ ۶ پنس = ۲۰ پونڈ ۱۰ شلنگ ۶ پنس

۲۰ پونڈ ۱۰ شلنگ ۶ پنس : ۶ پونڈ ۱۶ شلنگ ۱۰ پنس :: ۱۰۰ پونڈ : جواب

یعنے $\frac{۸۲۱}{۴۰}$ پونڈ : $\frac{۸۲۱}{۱۲۰}$ پونڈ :: ۱۰۰ پونڈ : جواب ∴ $\frac{۴۰ \times ۱۰۰ \times ۸۲۱}{۸۲۱ \times ۱۲۰}$ = ۳۳ ⅓ پونڈ جواب

(۳۱) ۱ ⅛ پونڈ مرکب چار کی قیمت = ۱ ⅛ × ۴ شلنگ = ۴ شلنگ ۶ پنس لیکن ۱ ⅛ پونڈ مرکب میں ۱ پونڈ چین کی اور ⅛ پونڈ آسام کی چار ہوتی ہے ∴ ⅛ پونڈ آسام کی چار کی قیمت = ۴ شلنگ ۶ پنس - ۳ شلنگ ۶ پنس = ۱ شلنگ ∴ ۱ پونڈ کی قیمت = ۸ شلنگ

(۳۲) چونکہ ۱ پونڈ سکہ کی چاندی کی قیمت ۲۱ روپے ہے لہذا $\frac{۱۱۱}{۱۲۰}$ پونڈ خالص چاندی کی قیمت = ۲۱ روپے اور چونکہ ۷۹ پینی ویٹ ۱۲ گرین = $\frac{۱}{۳۲}$ پونڈ لہذا ۱ روپیہ میں خالص چاندی کی مقدار = $\frac{۱}{۳۲} \times \frac{۹۷۹}{۱۰۰۰}$ پونڈ

لہذا $\frac{۱۱۱}{۱۲۰}$ پونڈ : $\frac{۱}{۳۲} \times \frac{۹۷۹}{۱۰۰۰}$ پونڈ :: ۲۱ روپے : جواب

∴ $\frac{۱۲۰ \times ۳۱ \times ۹۷۹}{۱۱۱ \times ۱۰۰۰ \times ۳۲}$ = وغیرہ ۱٫۰۲۵ روپیہ جواب

(۳۳) چونکہ ۴۳ آدمیوں نے $\frac{۲}{۳}$ مدت میں $\frac{۱}{۲}$ کام کیا ہے لہذا پوری مدت میں وہ $\frac{۳}{۱۴}$ کام کرینگے ∴ باقی $\frac{۱۱}{۱۴}$ کام $\frac{۱}{۳}$ مدت میں نئے آدمی کرینگے۔

کام	$\frac{۳}{۱۴}$	: $\frac{۱۱}{۱۴}$	
مدت	$\frac{۱}{۳}$	: ۱	:: ۴۳ آدمی : جواب
گھنٹے	۱۲	: ۱۰	

∴ $\frac{۴۳ \times ۱۰ \times ۱۱}{۱۲ \times \frac{۱}{۳} \times ۳}$ = $\frac{۲۳۶۵}{۶}$ = ۳۹۴ $\frac{۱}{۲}$ مرد لہذا اسپر ۳۹۵ آدمی اور لگانے چاہئیں۔

(۳۴) جتنا کام امرد ۴ گھنٹہ میں کرتا ہے اتنا لڑکا ۹ گھنٹے میں کرتا ہے

∴ 〃 ۱ 〃 ۲ گھنٹہ میں کریگا 〃 ۱ 〃 $\frac{۹}{۲}$ گھنٹے میں کریگا

∴ 〃 ۱ 〃 ۱۰ 〃 〃 ۱ 〃 $\frac{۴۵}{۲}$ 〃

اور جتنا کام ۱ عورت ۶ گھنٹے میں کرتی ہے اتنا ۱ لڑکا ۹ گھنٹے میں کرتا ہے

∴ 〃 ۱ 〃 ۲ گھنٹہ میں کریگی 〃 ۱ 〃 ۳ گھنٹے میں کریگا

∴ 〃 ۱ 〃 ۱۶ 〃 〃 ۱ 〃 ۲۴ 〃

∴ وقت مطلوبہ = $\frac{۴۵}{۲}$ + ۲۴ = ۴۶ $\frac{۱}{۲}$ گھنٹے

(۳۵) پہلے تھان میں ۱۵ مربع فٹ کپڑا ہے ∴ ۱ مربع فٹ کی قیمت = ۳ روپے ۱۲ آنے ÷ ۱۵ = $\frac{۵}{۲۴}$ روپیہ دوسرے تھان میں ۸۲۰۸ مربع انچ کپڑا ہے ∴ ۱ مربع انچ کی قیمت = $\frac{۵}{۲۴}$ روپیہ کا $\frac{۳}{۵}$ = $\frac{۱}{۸}$ روپیہ ∴ ۸۲۰۸ مربع انچ کی قیمت = $\frac{۸۲۰۸}{۸}$ = ۱۰۲۶ روپے جواب

(۳۶) ∴ عرصہ مطلوبہ = $\frac{۲۶}{۴}$ × $\frac{۱}{۵}$ گھنٹہ + $\frac{۱}{۲}$ × (۲۶ − $\frac{۲۶}{۴}$) × $\frac{۱}{۴}$ گھنٹہ + $\frac{۱}{۲}$ × (۲۶ − $\frac{۲۶}{۴}$) × $\frac{۱}{۳}$ گھنٹہ = $\frac{۱۳}{۱۰}$ گھنٹے + $\frac{۳۹}{۱۶}$ گھنٹہ + $\frac{۱۳}{۴}$ گھنٹہ = ۶ گھنٹہ ۵۹ منٹ ۱۵ سکنڈ۔

(۳۷) پورے منٹوں کا فاصلہ سوئیوں میں ایک تو اُسوقت ہوگا جب بڑی سوئی چھوٹی سوئی سے ۱ منٹ آگے ہوگی اور پھر اسوقت ہوگا جب وہ ۲ منٹ آگے ہوجائیگی اور پھر جب وہ ۳ منٹ آگے ہوگی اور اسی طرح جبتک وہ ۵۴ منٹ آگے ہوگی اُن میں پورے منٹوں کا فاصلہ ہوتا رہیگا اور جب وہ ۵۵ منٹ آگے ہوگی تو اُسوقت ٹھیک اجنیگا لہذا ۱ دن میں ۵۴ دفعہ پورے منٹوں کا فاصلہ ہوگا۔

(۳۸) ۱ دن کے بعد اُنکی دوسری آواز ساتھ نکلیگی ۲ دن کے بعد تیسری آواز ساتھ نکلیگی اور اسی طرح سے اون کی بارہویں آواز ساتھ نکلیگی (چونکہ دونوں گھنٹوں میں پہلے روز دوپہر کو پہلی آواز پر صحیح وقت ہے لہذا ہر روز جب دونوں کی آوازیں ساتھ نکلینگی اُسوقت اُن میں صحیح وقت ہوگا۔)

(۳۹) ۴ : ۳ :: $\frac{۱}{۲}$: $\frac{۳}{۸}$ ∴ آ جب آدھا راستہ طے کرچکیگا تو ب $\frac{۳}{۸}$ کریگا اور اُسوقت آ اور ب میں ($\frac{۱}{۲}$ − $\frac{۳}{۸}$) یا $\frac{۱}{۸}$ راستہ کا فرق ہوگا اب ب چونکہ آ سے دُگنی رفتار سے چلتا ہے ∴ جب ب $\frac{۱}{۴}$ سفر طے کرچکیگا تو وہ آ کے برابر ہوجائیگا یعنے وہ دونو ($\frac{۳}{۸}$ + $\frac{۱}{۴}$) یا $\frac{۵}{۸}$ سفر طے ہوچکنے پر ملینگے اب ب $\frac{۲}{۱۳}$ سفر آ سے دگنی رفتار سے طے کرتا ہے ∴ جتنی دیر میں ب $\frac{۲}{۱۳}$ سفر طے کریگا آ اتنی دیر میں $\frac{۱}{۱۳}$ کریگا اور پھر ب کو (۱ − $\frac{۵}{۸}$ − $\frac{۲}{۱۳}$) یا $\frac{۲۳}{۱۰۴}$ حصہ اور آ کو (۱ − $\frac{۵}{۸}$ − $\frac{۱}{۱۳}$) یا $\frac{۳۱}{۱۰۴}$ حصہ سفر کا طے کرنا رہیگا چونکہ انکی رفتار ۳ : ۴ میل فی گھنٹہ ہے لہذا جتنی دیر میں ب $\frac{۲۳}{۱۰۴}$ حصہ طے کریگا آ اتنی دیر میں $\frac{۲۳}{۱۰۴}$ × $\frac{۴}{۳}$ یا $\frac{۹۲}{۳۱۲}$ حصہ طے کریگا لیکن $\frac{۹۲}{۳۱۲}$ سے بقدر $\frac{۱}{۳۱۲}$ کے کم ہے

∴ ب پہلے پہنچیگا اور جب ب پہنچ جائیگا تو اسوقت ا کو $\frac{1}{312}$ سفر طے کرنا رہیگا۔

(۴۰) مکعب فٹ ۶۰۰ : ۱۵۷۵

دن ۱۴ : ۵ :: ۱۵ آدمی : جواب

گھنٹے $9 \times \frac{25}{24}$: ۸

∴ $\frac{1575 \times 5 \times 8 \times 15 \times 24}{600 \times 14 \times 9 \times 25} = 13$ آدمی جواب

(۴۱) ۲۱ گھوڑوں اور ۲۱۷ بھیڑوں کا ۱۰ دن کا خرچ ۲۱۰ گھوڑوں اور ۲۱۷۰ بھیڑوں کے ۱۰ دن کے خرچ کے برابر ہے اور ۹ گھوڑوں ۶۰ بھیڑوں کا ۲۷ دن کا خرچ ۲۴۳ گھوڑوں اور ۱۶۲۰ بھیڑوں کے ۱۰ دن کے خرچ کے برابر ہے لہذا

۲۱۰ گھوڑے اور ۲۱۷۰ بھیڑیں ۲۴۳ گھوڑوں اور ۱۶۲۰ بھیڑوں کے برابر کہلاتے ہیں

∴ ۵۵۰ بھیڑیں ۳۳ گھوڑوں کے برابر کہلائینگی

∴ ۵۰ 〃 ۳ 〃

(۴۲) جتنی دیر میں ا ۵½ چکر کرتا ہے ب اتنی دیر میں ۴½ چکر کرتا ہے

∴ 〃 ا ۱ چکر کریگا ب 〃 $\frac{9}{11}$ چکر کریگا

∴ 〃 ا ۸ 〃 ب 〃 $\frac{72}{11}$ 〃

∴ ا $(8 - \frac{72}{11})$ یا $\frac{16}{11}$ چکر یعنی $\frac{16}{11} \times \frac{1}{2}$ میل = $\frac{8}{11}$ میل سے جیتیگا۔

(۴۳) ۳ پر ۴ منٹ گزرے ہارنے والا جیتنے کے مقام سے ۱۱۴۰ گز پیچھے تھا اور ۳ پر ۶ $\frac{3}{4}$ منٹ گزرے وہ اس مقام سے ۴۰ گز پیچھے تھا ∴ ۲ $\frac{3}{4}$ منٹ میں ۱۱۰۰ گز دوڑا ∴ ۶ $\frac{3}{4}$ منٹ میں وہ $\frac{11 \times 6\frac{3}{4}}{2\frac{3}{4}} = 2700$ گز دوڑا ∴ میدان کی لمبائی = ۲۷۰۰ + ۴۰ = ۲۷۴۰ گز = ۱ میل ۹۸۰ گز

اور جیتنے والا $\frac{3}{4}$ منٹ میں ۲۷۴۰ گز دوڑتا ہے ∴ اگھنٹہ میں وہ $\frac{60 \times 2740}{\frac{3}{4} \times 1760} =$ ۱۳ $\frac{83}{99}$ میل دوڑیگا۔

(۴۴) ۱ ـ $\frac{901}{1500}$ = ۰٫۴۰۰ ∴ $(1 - \frac{901}{1500})$ یا $\frac{599}{1500}$ کام کرنا باقی رہا

اور ۲٫۱۲ = $\frac{53}{25}$

$\frac{53}{25}$ گھنٹہ میں ۵ آدمی $\frac{901}{1500}$ کام کرتے ہیں

∴ ۱ ″ ۵ ″ $\frac{901}{1500} \times \frac{25}{53}$ یا $\frac{17}{40}$ کام کرینگے

∴ ۱ ″ ۱ ″ $\frac{17}{300}$ کام کریگا

∴ ۳ ″ ۱ ″ $\frac{17}{100}$ ″

∴ ۳ ″ ۳ ″ $\frac{51}{100}$ کام کرینگے

لیکن ۳ گھنٹہ میں ۳ مرد اور ۷ لڑکے کل کام کرتے ہیں ∴ ۳ گھنٹہ میں ۷ لڑکے $(1 - \frac{51}{100}) = \frac{49}{100}$ کام کرینگے

اب ۷ لڑکے $\frac{49}{100}$ کام ۳ گھنٹہ میں کرتے ہیں

∴ ۱ لڑکا $\frac{49}{100}$ ″ ۲۱ گھنٹے میں کریگا

∴ ۱ ″ کل ″ $\frac{300}{7}$ ″

∴ ۷ لڑکے ″ ″ $\frac{50}{7}$ گھنٹہ میں کرینگے

∴ ۷ ″ $\frac{599}{1500}$ ″ $\frac{599 \times 50}{1500 \times 7} = 2\frac{179}{210}$ گھنٹہ میں کرینگے جواب

(۴۵) ۴ مرد = ۷ عورتیں = ۱۴ لڑکے ∴ ۲ مرد = ۷ لڑکے لہذا ۶ مرد + ۱۰ عورتیں + ۱۴ لڑکے = ۲۱ لڑکے + ۲۰ لڑکے + ۱۴ لڑکے = ۵۵ لڑکے اور ۸ مرد + ۶ عورتیں = ۲۸ لڑکے + ۱۲ لڑکے = ۴۰ لڑکے

لڑکے ۵۵ : ۴۰
دن ۸ : ۱۰
:: ۲۲ پونڈ : جواب ∴ $= \frac{22 \times 10 \times 40}{88 \times 55}$

۲۰ پونڈ جواب

(۴۶) مسافر گاڑی جولارپٹ $\frac{132}{20}$ یا $\frac{33}{5}$ گھنٹے میں پہنچیگی ∴ $(\frac{33}{5} - 4)$ یا $\frac{18}{5}$ گھنٹہ میں سپیشل ٹرین کو ۱۳۲ میل طے کرنے چاہئیں ∴ ۱ گھنٹہ میں اُسے $132 \times \frac{5}{18}$ یا ۳۶ $\frac{2}{3}$ میل طے کرنے چاہئیں اب سلیم سے جولارپٹ تک ۲۰۶ $\frac{3}{4}$ − ۱۳۲ = ۷۴ $\frac{3}{4}$ میل کا فاصلہ ہے جسکو مال گاڑی (۷۴ $\frac{3}{4}$ ÷ ۱۵) یا ۴ گھنٹہ ۵۹ منٹ میں طے کریگی لیکن اور گاڑیاں جولارپٹ صبح کے ۷ بجنے کے (۴ گھنٹے ۳۰ منٹ − ۴ گھنٹے ۵۹ منٹ) یا ۱ گھنٹہ ۲۷ منٹ بعد روانہ ہونی چاہئے یعنی اسکو سلیم سے صبح کے ۸ بجکر ۲۷ منٹ پر چلنا چاہئے

(۴۷) پہلی صورت میں (۳۳۰ + ۲۶۴) یا ۵۹۴ فٹ ۹ سکنڈ میں طے ہوئے ∴ ۱ گھنٹہ میں $\frac{60 \times 60 \times 594}{9 \times 1760 \times 3}$ یا ۴۵ میل طے ہونگے دوسری صورت میں ۵۹۴ فٹ ۲۷ $\frac{1}{2}$ سکنڈ میں طے ہوئے ∴ ۱ گھنٹہ میں $\frac{2 \times 60 \times 60 \times 594}{55 \times 1760 \times 3}$ یا ۱۴ $\frac{8}{11}$ میل طے ہونگے لہذا دونو گاڑیوں کی رفتاروں کا مجموعہ ۴۵ میل اور فرق ۱۴ $\frac{8}{11}$ میل ہے لہذا اُنکی رفتاریں ۲۹ $\frac{19}{22}$ میل اور ۱۵ $\frac{3}{22}$ میل فی گھنٹہ ہے (دفعہ ۴۴)

(۴۸)

د س ب ا

فرض کرو کہ وہ آدمی پہلی توپ کے چھوٹنے کے وقت مقام ا پر اور دوسری کے چھوٹنے کے وقت مقام ب پر تھا اور جہاز پہلی توپ کے چھوٹنے کے وقت مقام س پر اور دوسری کے چھوٹنے کیوقت مقام د پر تھا۔ اب وہ شخص ا سے ب تک ۴ $\frac{4}{5}$ منٹ میں جاتا ہے اور جہاز د سے س تک ۵ منٹ میں آتا ہے اور آواز د سے ا تک ۱۵ سکنڈ میں اور س سے

ب تک ۱۰½ سکنڈ میں آتی ہے لہذا آ ب = $\frac{۳}{۴۰} \times ۴ \times ۳$ = $\frac{۱۹}{۸۰}$ میل آ د = $\frac{۱۵ \times ۱۲۰۰}{۱۷۶۰ \times ۳}$

= $\frac{۷۵}{۲۲}$ میل اور ب س = $\frac{۱}{۲} \times \frac{۱۰ \times ۱۲۰۰}{۱۷۶۰ \times ۳}$ = $\frac{۱۰۵}{۴۴}$ میل ∴ د س = آ د −

آ ب − ب س = ($\frac{۷۵}{۲۲}$ − $\frac{۱۹}{۸۰}$ − $\frac{۱۰۵}{۴۴}$) = $\frac{۶۹۱}{۸۸۰}$ میل ∴ ۵ منٹ میں وہ

جہاز $\frac{۶۹۱}{۸۸۰}$ میل جاتا ہے ∴ اگھنٹہ میں وہ $\frac{۶۹۱ \times ۱۲}{۸۸۰}$ یا ۹ $\frac{۹۳}{۲۲۰}$ چلیگا جواب

(۴۹) اگر وہ ۱ میل گھوڑے پر چلے تو آمد و رفت میں اُسکو ($\frac{۱}{۴} + \frac{۱}{۸}$) یا $\frac{۳}{۸}$ گھنٹہ لگیگا ∴

وہ ۴ گھنٹے ÷ $\frac{۳}{۸}$ گھنٹہ = ۴ × $\frac{۸}{۳}$ = ۱۰$\frac{۲}{۳}$ میل گھوڑے پر جا سکتا ہے۔

(۵۰) آ ——— م ——— ک

فرض کرو کہ ک کلکتہ آ الہ آباد اور م وہ مقام ہے جہاں وہ گاڑیاں ایک دوسرے سے ملتی ہیں۔ اب جتنی دیر میں پہلی گاڑی فاصلہ ک م طے کرتی ہے اتنی دیر میں دوسری آ م طے کرتی ہے ∴ اُن گاڑیوں کی رفتار میں ک م : آ م کی نسبت ہے

اور پہلی گاڑی فاصلہ م آ ۵ گھنٹے میں طے کرتی ہے ∴ وہ ۴ × م آ فاصلہ ۲ گھنٹے میں طے کریگی جس عرصہ میں دوسری گاڑی فاصلہ م ک طے کرتی ہے ∴ گاڑیوں کی رفتار میں ۴ × م آ : م ک یعنی ۴ × آ م : ک م کی نسبت ہے

لہذا ک م : آ م :: ۴ × آ م : ک م ∴ (ک م)^{۲} = ۴ × (آ م)^{۲} ∴

ک م = ۲ × آ م لہذا جتنی دیر میں دوسری گاڑی نے جو فاصلہ طے کیا ہے اتنی دیر میں پہلی گاڑی اُس سے دوچند فاصلہ طے کرتی ہے لہذا پہلی گاڑی کی رفتار دوسری سے دوچند ہے۔

(۵۱) ($\frac{۱}{۲۰} - \frac{۱}{۳۰}$) یا $\frac{۱}{۶۰}$ حوض ۲ منٹ میں بہتا ہے ∴ $\frac{۵۷}{۶۰}$ حوض ۲ × ۵۷ منٹ میں بہہ جائیگا اور باقی $\frac{۱}{۶۰}$ حوض پہلا نل ۱ منٹ میں بہریگا لہذا وقت مطلوبہ =

۵۷ × ۲ + ۱ = ۱۱۵ منٹ (دیکھو مثال ۶ دفعہ ۲۰۲)

(۵۲) $(\frac{1}{20} + \frac{1}{30} - \frac{1}{15})$ یا $\frac{1}{60}$ حوض ۳ منٹ میں بھرتا ہے ∴ $\frac{55}{60}$ حوض ۵۵ × ۳ منٹ میں بھرا جائیگا اور $\frac{5}{60}$ حوض کو A اور B ۲ منٹ میں بھرینگی لہذا وقت مطلوبہ

= ۵۵ × ۳ + ۲ منٹ = ۱۶۷ منٹ (دیکھو مثال ۶ دفعہ ۲۰۲)

(۵۳) وہ گاڑی آخری ۵۰ میل $\frac{4}{5}$ رفتار سے طے کرتی ہے ∴ اسکو معمولی وقت کا $\frac{5}{4}$ عرصہ لگتا ہے یعنی اُسکو معمولی وقت سے $\frac{1}{4}$ وقت زیادہ لگتا ہے ∴ معمولی وقت کا $\frac{1}{4} = \frac{1}{2}$ گھنٹہ ∴ معمولی وقت = ۲ گھنٹے ∴ اُسکی معمولی رفتار (۵۰ ÷ ۲) یا ۲۵ میل فی گھنٹہ ہے۔

(۵۴) جسوقت مسافر گاڑی مال گاڑی کے پاس سے گزرتی ہے تو (۱۷۶ + ۲۹۳$\frac{1}{3}$) یا ۴۶۹$\frac{1}{3}$ گز کا فاصلہ ۲۴ سکنڈ میں طے ہوتا ہے ∴ اگھنٹہ میں $\frac{14080 \times 60 \times 60}{3 \times 1760 \times 24}$ یا ۴۰ میل طے ہونگے ∴ مسافر گاڑی اور مال گاڑی کی رفتار ملکر ۴۰ میل فی گھنٹہ ہے لیکن مسافر گاڑی اگھنٹہ میں ۲۰ میل چلتی ہے ∴ مال گاڑی کی رفتار ۲۰ میل فی گھنٹہ ہے

جب مسافر گاڑی ڈاک گاڑی کے پاس گزرتی ہے تو (۱۷۶ + ۸۸) یا ۲۶۴ گز ۱۲ سکنڈ میں طے ہوتے ہیں ∴ اگھنٹہ میں $\frac{264 \times 60 \times 60}{12 \times 1760}$ یا ۴۵ میل طے ہونگے ∴ مسافر اور ڈاک گاڑی کی رفتار ملکر ۴۵ میل فی گھنٹہ ہے لیکن مسافر گاڑی ۲۰ میل فی گھنٹہ چلتی ہے ∴ ڈاک گاڑی کی رفتار ۲۵ میل فی گھنٹہ ہے اب چونکہ مسافر گاڑی مال گاڑی سے صبحکو ۷ بجے ملتی ہے ∴ ۷$\frac{1}{2}$ بجے (جب مسافر گاڑی ڈاک گاڑی سے ملتی ہے) مسافر گاڑی جس مقام پر وہ مال گاڑی سے ملی تھی وہاں سے ۱۰ میل جنوب کی طرف اور مال گاڑی اُسجگہ سے ۱۰ میل شمال کی طرف طے کرچکیگی ∴ صبح کے ۷$\frac{1}{2}$ بجے مال گاڑی

ڈاک گاڑی سے ۲۰ میل آگے ہوگی لیکن اگھنٹہ میں ڈاک مال گاڑی سے ۵ میل زیادہ چلتی ہے
∴ ۲۰ میل زیادہ وہ ۴ گھنٹے میں چلیگی لہذا ڈاک گاڑی مال گاڑی کو صبح کے ۷½ بجے
کے ۴ گھنٹے بعد یعنی ۱۱½ بجے پکڑ لیگی۔

(۵۵) ب آ کو اسوقت پکڑ لیگا جب وہ اُس سے ½ چکر زیادہ کر لیگا لیکن ب ۳۰
سکنڈ میں آ سے ۱½ چکر زیادہ کرتا ہے ∴ ب ½ چکر ۱ منٹ میں زیادہ کریگا لہذا ب
اسکو پھر ۱ منٹ میں پکڑ لیگا۔

(۵۶) کل رقم = (½ رقم − ۳۰ پونڈ) + (⅓ رقم − ۱۰ پونڈ) + (¼ رقم + ۸ پونڈ) =
(½ + ⅓ + ¼) رقم − ۳۰ پونڈ − ۱۰ پونڈ + ۸ پونڈ = رقم کا ۱/۱۲ − ۳۲ پونڈ ∴ کل رقم کا
۱/۱۲ = ۳۲ پونڈ ∴ کل رقم = ۳۲ × ۱۲ = ۳۸۴ پونڈ ∴ آ کا حصہ = ۳۸۴ پونڈ کا
½ − ۳۰ پونڈ = ۱۶۲ پونڈ ب کا حصہ = ۳۸۴ پونڈ کا ⅓ − ۱۰ پونڈ = ۱۱۸ پونڈ
س کا حصہ = ۳۸۴ پونڈ کا ¼ + ۸ پونڈ = ۱۰۴ پونڈ۔

(۵۷) زید کا حصہ = عمر کے حصہ کا ⅘ + بکر کے حصہ کا ⅘

عمر کا حصہ = زید کے حصہ کا ⅘ + بکر کے حصہ کا ⅘

∴ عمر کے حصہ کا ⅘ = زید کے حصہ کا ۱۶/۲۵ + بکر کے حصہ کا ۱۶/۲۵

∴ زید کا حصہ = (زید کے حصہ کا ۱۶/۲۵ + بکر کے حصہ کا ۱۶/۲۵) + بکر کے حصہ کا ⅘

یعنے زید کا حصہ = زید کے حصہ کا ۱۶/۲۵ + بکر کے حصہ کا ۳۶/۲۵

∴ زید کے حصہ کا ۲۹/۲۵ = بکر کے حصہ کا ۳۶/۲۵

∴ زید کا حصہ = بکر کے حصہ کا ۳۶/۲۹

لیکن عمر کا حصہ = زید کے حصہ کا ⅘ + بکر کے حصہ کا ⅘

∴ عمر کا حصہ = بکر کے حصہ کے $\frac{۳۶}{۲۹}$ کا $\frac{۴}{۵}$ + بکر کے حصہ کا $\frac{۴}{۵}$ = بکر کے حصہ کا $\frac{۵۲}{۲۹}$

∴ زید کا حصہ : عمر کا حصہ بکر کا حصہ = $\frac{۳۶}{۲۹} : \frac{۵۲}{۲۹}$: ۱ = ۳۶ : ۵۲ : ۲۹

لہذا زید کا حصہ ۱۲۹۶ پونڈ عمر کا حصہ ۱۸۰۲ پونڈ اور بکر کا ۱۰۴۴ پونڈ ہے۔

(۵۸) جبکہ ۲ شخص ۱۸ پنس فی کس لینے والے ہوتے ہیں تو ۲ شخص ۲ شلنگ ۶ پنس لینے والا ہوتا ہے، اب چونکہ ۱۸ پنس × ۲ + ۲ شلنگ ۶ پنس = ۵ شلنگ ۶ پنس اور ۲ پونڈ ۵ شلنگ ÷ ۵ شلنگ ۶ پنس = ۵۵ ÷ ۵½ = ۱۰ ∴ کل آدمی = ۳×۱۰ = ۳۰

(۵۹) یہ ظاہر ہے کہ کشتی اور دریا کی رفتار کا مجموعہ اُن کے فرق سے دوچند ہے ∴ مجموعہ + فرق = فرق کا ۳ گنا لیکن مجموعہ + فرق = زیادہ رفتار کا دوچند (دفعہ ۴۴) ∴ زیادہ رفتار کا دوچند = فرق ۳ گنا یعنے ۱۸ میل فی گھنٹہ = فرق کا ۳ گنا ∴ فرق = ۶ میل فی گھنٹہ ∴ کم رفتار = (۹ - ۶) یا ۳ میل فی گھنٹہ یعنے دریا ۳ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے بہتا ہے،

(۶۰) ۱ - $\frac{۱}{۸} - \frac{۱}{۳} = \frac{۱۳}{۲۴}$ ∴ اُن کے منافعوں میں $\frac{۱}{۸} : \frac{۱}{۳} : \frac{۱۳}{۲۴}$ یعنی ۳ : ۸ : ۱۳ کی نسبت ہے لہذا ۱۳ : ۳ :: ۸×۱۵۶۰ روپئے ∴ زید کا سرمایہ×۴

∴ زید کا سرمایہ = $\frac{۳×۸×۱۵۶۰}{۴×۱۳}$ = ۷۲۰ روپئے اور ۱۳ : ۸ :: ۸×۱۵۶۰ : عمر کا سرمایہ×۶ ∴ عمر کا سرمایہ = $\frac{۸×۸×۱۵۶۰}{۶×۱۳}$ = ۱۲۸۰ روپئے

(۶۱) ۱۲ گھوڑے = ۲۰ گائیں اور ۵۰ بھیڑیں = ۳۰ گائیں ∴ ۱۲ گھوڑے ۲½ مہینے اور ۲۰ گائیں ۴ مہینے اور ۵۰ بھیڑیں ۵ مہینے تک اتنا چرینگی جتنا (۲۰ × ۲½ + ۲۰ × ۴ + ۳۰ × ۵) یا ۲۸۰ گائیں ۱ ماہ میں چرتی ہیں اور ۱۸ گھوڑے = ۳۰ گائیں اور ۴۰ بھیڑیں = ۲۴ گائیں ∴ ۱۸ گھوڑے ۳½ مہینے اور ۱۵ گائیں ۵ مہینے اور ۴۰ بھیڑیں ۴½ مہینے میں اتنا چرینگی جتنا (۳۰ × ۳½ + ۵ × ۱۵ + ۲۴ × ۴½) یا ۲۸۸ گائیں ۱ مہینے میں چرتی ہیں لہذا زید اور

اور عمر کے محصول میں ۲۸۰ و ۲۸۸ کی نسبت ہے ∴ زید کو $\frac{۲۸۰}{۵۶۸}$ یا $\frac{۳۵}{۷۱}$ محصول ادا کرنا چاہیئے۔

(۶۲) جتنی خندق آ ۱ دن میں کھودتا ہے ب اتنی ۲ دن میں اور س ۳ دن میں کھودتا ہے ∴ تینوں ملکر ۱ دن میں $(۱ + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳})$ یا $\frac{۱۱}{۶}$ حصہ اُسکا کھودینگے ∴ ۶ دن میں وہ اس سے ۱۱ گنی کھودینگے لیکن وہ ۶ دن میں پوری خندق کھودتے ہیں ∴ کل خندق اُس حصہ سے ۱۱ گنی ہے اب چونکہ آ اس حصہ کو ۱ دن میں ب ۲ دن میں اور س ۳ دن میں کھودتا ہے لہذا کل خندق آ ۱۱ دن میں ب ۲۲ دن میں اور س ۳۳ دن میں کھودیگا یا یوں کرو آ ب س کے کام میں ۱ و $\frac{۱}{۲}$ و $\frac{۱}{۳}$ کی نسبت ہے جب ۱ کو ۱ و $\frac{۱}{۲}$ و $\frac{۱}{۳}$ کی نسبت سے تقسیم کیا تو $\frac{۶}{۱۱}$ و $\frac{۳}{۱۱}$ و $\frac{۲}{۱۱}$ تین حصے نکلے ∴ ۶ روز میں آ $\frac{۶}{۱۱}$ ب $\frac{۳}{۱۱}$ اور س $\frac{۲}{۱۱}$ حصہ اُس خندق کا کھودیگا ∴ کل خندق آ ۱۱ روز ب ۲۲ روز اور س ۳۳ روز میں کھودیگا۔

(۶۳) ۱۲ پونڈ چاء اور ۱۵ پونڈ قہوے کی قیمت = ۵ گنی

∴ ۳۶ " " = ۱۵ گنی (۱)

لیکن ۳۶ " ۹ " = ۵ گنی (۲)

∴ ۳۶ پونڈ قہوے کی قیمت = ۱۰ گنی [(۲) کو (۱) میں سے تفریق کیا]

∴ ۱ " = $\frac{۱۰}{۳۶}$ گنی = ۵ شلنگ ۱۰ پنس

∴ ۹ " = $\frac{۱۰}{۴}$ گنی

∴ ۳۶ پونڈ چاء کی قیمت = ۵ گنی − $\frac{۱۰}{۴}$ گنی = $\frac{۵}{۲}$ گنی [(۲) سے]

(۶۴) پہلے حصہ کا ۳ گنا + دوسرے حصہ کا ۵ گنا = ۱۸۰ (۱)

اور پہلا حصہ + دوسرا حصہ = ۴۸

∴ پہلے حصہ کا ۵ گنا + دوسرے حصہ کا ۵ گنا = ۲۴۰ (۲)

∴ پہلے حصہ کا ۲ گنا = ۶۰ [(۱) کو (۲) میں سے تفریق کیا]

∴ پہلا حصہ = ۳۰

∴ دوسرا حصہ = ۴۸ - ۳۰ = ۱۸

(۶۵) پہلے حصہ کا سہ چند = دوسرے حصے کا دوچند

∴ پہلا حصہ = دوسرے حصہ کا $\frac{2}{3}$

∴ پہلا حصہ : دوسرا حصہ = $\frac{2}{3}$: ۱ = ۲ : ۳

لہذا حصے مطلوبہ = ۸ و ۱۲

(۶۶) اکلوگرام = $(۳٫۹۳۷)^3$ مکعب انچ پانی کا وزن = $(۳٫۹۳۷)^3 \times ۲۵۲٫۴۵$

گرین = $\frac{(۳٫۹۳۷)^3 \times ۲۵۲٫۴۵}{۷۰۰۰}$ = ۲۰٫۲ پونڈ

(۶۷) ۲۰ گیلن مرکب میں ناٹرک ایسڈ ۲۰ گیلن کا $\frac{۶۰}{۱۰۰}$ = ۱۲ گیلن ہے ∴ نئے مرکب کا $\frac{۴۰}{۱۰۰}$ = ۱۲ گیلن ∴ نیا مرکب = ۱۲ گیلن کا $\frac{۱۰۰}{۴۰}$ = ۳۰ گیلن ∴ (۳۰-۲۰) یا ۱۰ گیلن پانی ملانا چاہئے۔

(۶۸) امرد = ۴ عورتیں ۱۲ لڑکے = ۳ عورتیں ∴ ۳۶ لڑکے = ۹ عورتیں ∴ امرد + ۳ عورتیں ۳۶ لڑکے = ۱۶ عورتیں ∴ عورت کا حصہ = $\frac{۱۰۰۰}{۱۶}$ روپئے = ۶۲ روپئے ۸ آنہ

∴ مرد کا حصہ = ۶۲ روپئے ۸ آنہ × ۴ = ۲۵۰ روپئے لڑکے کا حصہ = ۶۲ روپئے ۸ آنہ کا $\frac{۱}{۴}$ = ۱۵ روپئے ۱۰ آنہ۔

(۶۹) پہلا ۱ دن میں $\frac{۱}{۵}$ کام کرتا ہے ∴ ۳ دن میں وہ $\frac{۳}{۵}$ کریگا دوسرا ۱ دن میں $\frac{۱}{۸}$ کام کرتا ہے ∴ ۳ دن میں وہ $\frac{۳}{۸}$ کریگا ∴ لڑکے نے $(۱ - \frac{۳}{۵} - \frac{۳}{۸})$ یا $\frac{۱}{۴۰}$ کام کیا ہے

اب ۴۰ روپے کو $\frac{3}{5}$: $\frac{3}{8}$: $\frac{1}{40}$ کی نسبت سے تقسیم کیا تو پہلے آدمی کا حصہ ۲۴ روپے دوسرے کا حصہ ۱۵ روپے اور لڑکے کا ۱ روپیہ نکلا۔

(۷۰) ۱۰ برس پہلے انکی عمروں کا مجموعہ ۲۵ سال تھا اگر ۲۵ کو ۴ و ۳ کی نسبت سے تقسیم کیا جائے تو ۲۰ و ۱۵ دو حصے ہونگے ∴ زید کی عمر اب (۲۰+۱۰) یا ۳۰ سال اور عمر کی (۱۵+۱۰) یا ۲۵ سال کی ہے۔

(۷۱) تاجر مذکور کی قیمت فروخت قیمت خرید سے ۱۲۰ فیصدی ہے لیکن چونکہ وہ قیمت فروخت کا $\frac{1}{12}$ کٹوتی میں دیتا ہے لہذا اسکو کل $\frac{11}{12}$ حصہ قیمت فروخت کا وصول ہوتا ہے ∴ اسکو قیمت خرید کی ۱۲۰ فیصدی کا $\frac{11}{12}$ یعنی قیمت خرید کی ۱۱۰ فیصدی وصول ہوگی یعنی اسکو ۱۰ فیصدی نفع ہوگا۔

(۷۲) ۵ سیبوں کی قیمت = ۲ پنس ∴ ایک سیب کی قیمت = $\frac{2}{5}$ پنس ۵ بیروں کی قیمت = ۴ سیبوں کی قیمت = ۴ × $\frac{2}{5}$ پنس ∴ ایک بیر کی قیمت = $\frac{8}{25}$ پنس ۳ ناشپاتیوں کی قیمت = ۷ سیبوں کی قیمت = ۷ × $\frac{2}{5}$ پنس ∴ ایک ناشپاتی کی قیمت = $\frac{14}{15}$ پنس اور ۸ خوبانیوں کی قیمت = ۱۵ ناشپاتیوں کی قیمت = ۱۵ × $\frac{14}{15}$ پنس ∴ ایک خوبانی کی قیمت = $\frac{7}{4}$ پنس

∴ چار قسم کے چار پھلوں کی قیمت = $\frac{2}{5}$ پنس + $\frac{8}{25}$ پنس + $\frac{14}{15}$ پنس + $\frac{7}{4}$ پنس = $\frac{1021}{300}$ پنس اب چونکہ کسر $\frac{1021}{300}$ مختصر صورت میں ہے لہذا چھوٹے چھوٹا عدد جو $\frac{1021}{300}$ پر پورا تقسیم ہو جائے وہ ۱۰۲۱ ہے ∴ کم از کم ۱۰۲۱ پنس خرچ ہونگے۔

(۷۳) جس چیز پر دوکاندار کی ایک روپیہ لاگت آتی ہے اسکو وہ ایک روپیہ کے $\frac{120}{100}$ کو بیچتا ہے ∴ تھوک فروش اسکو ایک روپیہ کے $\frac{120}{100}$ کے $\frac{110}{100}$ کو بیچیگا ∴ خردہ فروش اسکو ایک روپیہ کے $\frac{120}{100}$ کے $\frac{110}{100}$ کے $\frac{105}{100}$ یا $\frac{693}{500}$ روپیہ کو بیچیگا اب جس چیز کی قیمت خردہ فروش

$\frac{۶۹۳}{۵۰۰}$ روپیہ لیتا ہے اسپر دستکار کی ۱ روپیہ لاگت آتی ہے ∴ جس شے کی خردہ فروش ۱ روپیہ قیمت لیگا اسپر دستکار کی لاگت ۱ روپیہ کا $\frac{۵۰۰}{۶۹۳}$ آئیگی ∴ جس چیز کی خردہ فروش ۷ روپے ۸ آنہ ۹ پائی قیمت لیگا اسپر دستکار کی ۷ روپیہ ۸ آنہ ۹ پائی کا $\frac{۵۰۰}{۶۹۳}$ = ۵ روپے ۷ آنہ ۱$\frac{۵}{۱۱}$ پائی لاگت آئیگی جواب

(۴۷) دندانے ۱۶ : ۲۰ :: ۶۰ گردشیں : جواب ∴ جواب = ۷۵ گردشیں
منٹ $\frac{۲}{۳}$: $\frac{۱۶}{۶۰}$

(۵۷) ۱ اونس کی موجودہ قیمت = ۱ اونس کی پہلی قیمت کی ۱۲۵ فیصدی = ۱ اونس کی پہلی قیمت کا $\frac{۵}{۴}$ = $\frac{۵}{۴}$ اونس کی پہلی قیمت ∴ $\frac{۴}{۵}$ اونس کی موجودہ قیمت = $\frac{۵}{۴}\times\frac{۴}{۵}$ اونس کی پہلی قیمت = ۱ اونس کی پہلی قیمت لہذا جتنا مکھن اب ہر روز فی کس ملتا ہے اسکی قیمت = اُس مکھن کی قیمت کے جو پہلے روزانہ فی کس ملتا تھا ∴ پہلا ماہواری خرچ = حال کا ماہواری خرچ = ۱۲ شلنگ

(۶۷) چونکہ اُسکو ۴۰۰۰۰ پونڈ پر صرف ۵ شلنگ فی پونڈ وصول ہوتے ہیں لہذا اسکو ۴۰۰۰۰ پونڈ کا $\frac{۱}{۴}$ یعنی ۱۰۰۰ پونڈ کا نقصان ہوتا ہے ∴ دیوالہ کا خرچ ملاکر کل اسکو ۱۲۰۰ پونڈ کا نقصان ہوتا ہے اور اس سبب سے اُس کے فرضخواہوں کو ۱ پونڈ ـ ۱۵ شلنگ ۲$\frac{۲}{۵}$ پنس = $\frac{۶}{۲۵}$ پونڈ ۱ پونڈ میں کم ملتا ہے

لہذا $\frac{۶}{۲۵}$ پونڈ : ۱۲۰۰ پونڈ :: ۱ پونڈ : جواب ∴ جواب = ۱۲۰۰ × $\frac{۲۵}{۶}$ = ۵۰۰۰ پونڈ

(۷۷) ۱۲ منٹ میں آسیں ۳$\frac{۳}{۴}$ ٹن پانی آتا ہے ∴ اگھنٹہ میں ۳$\frac{۳}{۴}\times\frac{۶۰}{۱۲}$ = $\frac{۷۵}{۴}$ ٹن آئیگا اور اگھنٹہ میں اس میں سے ۱۲ ٹن پانی نکلتا ہے ∴ اگھنٹہ میں اس میں ($\frac{۷۵}{۴}$ ـ ۱۲)

$= \frac{۲۷}{۴}$ ٹن پانی جمع ہوجاتا ہے ∴ ۶۰ ٹن پانی اُس میں $۶۰ \div \frac{۲۷}{۴} = \frac{۸۰}{۹}$ گھنٹہ میں جمع ہوگا ∴ اُسکو کنارے پر $\frac{۸۰}{۹}$ گھنٹہ میں پہنچنا چاہیئے ∴ اُسکو $(۴۰ \div \frac{۸۰}{۹}) = ۴\frac{۱}{۲}$ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے جانا چاہیئے۔

(۷۸) اپونڈ اوائرڈوپائس (۷۰۰ گرین) خالص چاندی سے $۷۰۰ \times \frac{۱۲}{۱۱}$ گرین سکہ کی چاندی بن سکتی ہے اور اپونڈ ٹرائی = ۵۷۶۰ گرین لہذا

۵۷۶۰ : $۷۰۰ \times \frac{۱۲}{۱۱}$ :: ۳۲ روپئے : جواب ∴ جواب = $۴۲\frac{۱۴}{۳۳}$ روپئے

(۷۹) $۴۹\frac{۱}{۲}$ روپئے : $۳۴\frac{۱}{۲}$ روپئے
$۱\frac{۱}{۲}$ تولہ : $۲\frac{۱}{۴}$ تولہ
:: ۲۲ قیراط خالص : جواب

∴ جواب = ۲۳ قیراط خالص

(۸۰) $۳\frac{۱}{۴}$ گھنٹہ میں اُسنے باقی فاصلہ کا $\frac{۵}{۷}$ طے کیا ہے ∴ باقی فاصلہ $۳\frac{۱}{۴} \times \frac{۷}{۵}$ یا $۴\frac{۲}{۳}$ گھنٹہ میں طے کریگا ∴ کل فاصلہ وہ $(۳\frac{۱}{۴} + ۴\frac{۲}{۳})$ یا ۸ گھنٹے میں طے کریگا ∴ اُسکی رفتار $\frac{۳۶}{۸}$ یا $۴\frac{۱}{۲}$ میل فی گھنٹہ ہے۔

(۸۱) اروپیہ میں جتنا ملاؤ ہے اُسکی قیمت = ۲ پیسے کا $\frac{۱}{۱۲}$ = $\frac{۱}{۳۸۴}$ روپیہ ∴ اروپیہ میں خالص چاندی (جو $\frac{۱۱}{۱۲}$ حصہ ہے) کی قیمت = اروپیہ - $\frac{۱}{۳۸۴}$ روپیہ = $\frac{۳۸۳}{۳۸۴}$ روپیہ

لہذا $\frac{۱۱}{۱۲}$: ۱ :: $\frac{۳۸۳}{۳۸۴}$: جواب ∴ جواب = $۱\frac{۳۱}{۳۵۲}$

(۸۲) اگر شراب پانی سے ۱گیلن زیادہ ہوتی تو اس مرکب میں ۳گیلن شراب ہوتی مگر اب اسمیں شراب پانی سے ۳گیلن زیادہ ہے ∴ اسمیں ۹ گیلن شراب ہے۔

(۸۳) ۳ مرد اور ۶ لڑکوں کا کام = ۱ مرد اور ۱ لڑکے کا چوگنا کام = ۴ مرد اور ۴ لڑکوں کا کام ∴ ۲ لڑکوں کا کام = ۱ مرد کا کام ∴ جتنے وقت میں لڑکا ایک کام کریگا مرد

اُتنے وقت میں اس سے دوچند کام کریگا ∴ مرد اور لڑکے کے کام میں ۲ : ۱ کی نسبت ہوئی۔

(۸۴) پہلے پانی برانڈی سے $\frac{1}{4}$ تہا گر جب اگیلن پانی اور ملایا گیا تو پانی برانڈی سے $\frac{1}{3}$ ہوگیا ∴ $\frac{1}{3}$ برانڈی = $\frac{1}{4}$ برانڈی + اگیلن ∴ $(\frac{1}{3} - \frac{1}{4})$ یا $\frac{1}{12}$ برانڈی = اگیلن ∴ برانڈی = ۱۲ گیلن۔

(۸۵) اگیلن پہلے مرکب میں شراب پانی سے $\frac{1}{5}$ گیلن زیادہ ہے ∴ ۵ گیلن مرکب میں اگیلن شراب زیادہ ہوگی اگیلن دوسرے مرکب میں پانی شراب سے $\frac{1}{9}$ گیلن زیادہ ہے ∴ ۹ گیلن میں ۱ گیلن زیادہ پانی ہوگا لہذا ۵ گیلن پہلے مرکب میں دوسرا ۹ گیلن ملانا چاہئے تاکہ شراب اور پانی برابر ہوجائیں لیکن ۵ : ۹ = ۱ : $\frac{9}{5}$ = ۳ : $\frac{27}{5}$ = ۳ : $5\frac{2}{5}$ ∴ ۳ گیلن پہلے مرکب میں دوسرا مرکب $5\frac{2}{5}$ گیلن ملانا چاہئے۔

(۸۶) ہر عمل کے بعد آ خالی رہیگا اور ب اور س بھرے ہوئے رہینگے لہذا ہر ایک عمل کا نتیجہ صرف یہ ہوگا کہ ب کا پانی س میں اور س کی شراب ب میں چلی جائیگی اب یہ ظاہر ہے کہ (خواہ کتنی دفعہ یہ عمل کیا جائے) جتنا پانی ب کا س میں جائیگا اتنی ہی شراب س کی ب میں جائیگی لہذا ب کی شراب اور س کے پانی میں ۱ : ۱ کی نسبت ہوگی (اصلی سوال کے حل کرنے سے بھی یہی جواب نکلیگا)

(۸۷) سونے چاندی اور کھوٹ میں نسبت۔

$= (\frac{85}{100} \times ۲۷ر) : (\frac{88}{100} \times ۷۳ر) : (۲۷ر \times \frac{15}{100} + ۷۳ر \times \frac{12}{100})$

$= (85 \times 27) : (88 \times 73) : (27 \times 15 + 73 \times 12)$

$= 3145 : 6424 : 1431$

(۸۸) آٹے کی قیمت فی سٹون ۱۳ $\frac{1}{2}$ پونڈ و ۱۴ پونڈ (اسٹون) کی نسبت سے بڑھانی چاہئے

۱۳½ : ۱۴ :: ۲ شلنگ ۳ پنس : جواب ∴ جواب = ۲ شلنگ ۴ پنس لہذا قیمت مطلوبہ = ۲ شلنگ ۴ پنس فی سٹون

(۸۹) ۲۴ مرد + ۲۰ عورتیں + ۱۶ لڑکے = (۲۷ + ۴۰ + ۱۶) = ۱۲۸ لڑکے اور ۲۷ مرد + ۴۰ عورتیں + ۱۵ لڑکے = (۱۸ + ۸۰ + ۱۵) = ۱۷۶ لڑکے

لڑکے ۱۲۸ : ۱۷۶
دن ۷ : ۳۶۵
:: ۲۲۴ روپئے : جواب ∴ جواب = ۱۶۰۶۰ روپئے

(۹۰) اگر چاء اور شکر دونوں کی قیمت ۵۰ فیصدی بڑھجاتی تو ۱ پونڈ چاء اور ۳ پونڈ شکر کی قیمت ۴ روپئے ۸ آنہ ہوتی لیکن چاء کی قیمت صرف ۱۰ فیصدی بڑھتی ہے ∴ ۱ پونڈ چاء کی قیمت کی ۴۰ فیصدی = ۴ روپئے ۸ آنہ − ۳ روپئے ۸ آنہ = ۱ روپیہ ∴ ۱ پونڈ چاء کی قیمت = ۱ روپیہ کا ۱۰۰/۴۰ = ۲ روپیہ ۸ آنہ ∴ ۳ پونڈ شکر کی قیمت = ۳ روپئے − ۲ روپئے ۸ آنہ = ۸ آنہ ∴ ۱ پونڈ شکر کی قیمت = ۸ آنہ کا ۱/۳ = ۲ آنہ ۸ پائی

(۹۱) ۲/۵ مال کی قیمت فروخت = ۹۷۵۰ روپئے کا ۲/۵ − (۹۷۵۰ روپئے کا ۲/۵) کی ۱۷½ فیصدی = ۳۹۰۰ روپئے − ۳۹۰۰ روپئے کا ۱۷½/۱۰۰ = ۳۹۰۰ روپئے − ۶۸۲½ روپئے = ۳۲۱۷½ روپئے اور باقی مال کی قیمت فروخت = ۹۷۵۰ روپیہ کا ۳/۵ − (۹۷۵۰ کا ۳/۵) کی ۲۳½ فیصدی = ۵۸۵۰ روپئے − ۵۸۵۰ روپئے کا ۱۹/۱۰۰ = ۵۸۵۰ روپئے − ۱۳۸۹½ روپئے = ۴۴۶۰ روپئے ∴ کل ۳۲۱۷½ + ۴۴۶۰ = ۷۶۷۸ روپئے ۸ آنہ وصول ہوئے اور اُسکا قرضہ = ۹۷۵۰ × ۱۶/۱۳ = ۱۲۰۰۰ روپئے ∴ ۱۲۰۰۰ روپئے میں وہ ۷۶۷۸ ۱/۸ روپئے ادا کرتا ہے ∴ ۱ روپیہ میں وہ (۷۶۷۸ ۱/۸ ÷ ۱۲۰۰۰) = ۱۰ آنہ ۸۵ر۲ پائی ادا کرتا ہے ۔

(۹۲) ۱۱ اونس سونے کی قیمت = ۳ پونڈ ۱۷ شلنگ ۹ پنس × ۱۱ = ۴۲ پونڈ ۱۵ شلنگ ۳ پنس ∴ ۱۲ اونس مرکب کی قیمت = ۴۲ پونڈ ۱۵ شلنگ ۳ پنس + ۵ شلنگ ۲ پنس = ۴۳ پونڈ ۵ پنس = ۴۳ $\frac{۱}{۴۸}$ پونڈ = $\frac{۲۰۶۵}{۴۸}$ پونڈ ۱۰۰ سورن کا وزن = ۵ پنی ویٹ ۴۷ر۳ × ۱۰۰ گرین = ۴۷ر۱۲۳ × ۱۰۰ گرین = ۱۲۳۴۷ گرین = $\frac{۱۲۳۴۷}{۴۸۰}$ اونس

۱۲ اونس : $\frac{۱۲۳۴۷}{۴۸۰}$ اونس :: $\frac{۲۰۶۵}{۴۸}$ پونڈ : جواب

∴ $\frac{۲۰۶۵ \times ۱۲۳۴۷}{۱۲ \times ۴۸ \times ۴۸۰}$ = $\frac{۵۰۹۹۳۱۱}{۵۵۲۹۶}$ پونڈ = ۹۲ پونڈ ۴ شلنگ ۴ $\frac{۴۹۱}{۱۱۵۲}$ پنس

لہذا ۱۰۰ سورن پر ۹۲ پونڈ ۴ شلنگ ۴ $\frac{۴۹۱}{۱۱۵۲}$ پنس خرچ ہوتے ہیں ∴ نفع مطلوبہ = ۱۰۰ پونڈ − ۹۲ پونڈ ۴ شلنگ ۴ $\frac{۴۹۱}{۱۱۵۲}$ پنس = ۷ پونڈ ۱۵ شلنگ ۷ $\frac{۶۶۱}{۱۱۵۲}$ پنس

(۹۳) نصف کرون شلنگ سکس پنس اور فورپنس کی قیمتوں میں ۱ : ۱ : ۱ یا ۱ پونڈ : ۱ پونڈ : ۱ پونڈ یا ۱ نصف کرون : ۲۰ شلنگ : ۴۰ سکس پنس : ۶۰ فورپنس کی نسبت ہے ∴ نصف کرون شلنگ سکس پنس اور فورپنس کی تعداد میں ۸ : ۲۰ : ۴۰ : ۶۰ یا ۲ : ۵ : ۱۰ : ۱۵ کی نسبت ہے لہذا نصف کرون کی تعداد ۱۰ شلنگ کی ۲۵ سکس پنس کی ۵۰ اور فورپنس کی ۷۵ ہے۔

(۹۴) جب اصلی قیمت ۱ پونڈ ہوتی ہے تو کرایہ جہاز $\frac{۲}{۳}$ پونڈ اتروائی (۱ پونڈ + $\frac{۲}{۳}$ پونڈ) کا $\frac{۱}{۳}$ = $\frac{۵}{۹}$ پونڈ اور محصول (۱ پونڈ + $\frac{۲}{۳}$ پونڈ + $\frac{۵}{۹}$ پونڈ) کا $\frac{۱}{۲}$ = $\frac{۵۰}{۹}$ پونڈ ہوتا ہے ∴ کل لاگت ۱ پونڈ + $\frac{۲}{۳}$ پونڈ + $\frac{۵}{۹}$ پونڈ + $\frac{۵۰}{۹}$ پونڈ = $\frac{۷۰}{۹}$ پونڈ ہوتی ہے

لہذا جبکہ کل لاگت $\frac{۷۰}{۹}$ پونڈ ہوتی ہے تو اصلی قیمت ۱ پونڈ ہوتی ہے

∴ 〃 ۷ پونڈ ہوگی 〃 $\frac{۹}{۱۰}$ پونڈ = ۱۸ شلنگ ہوگی جواب

(۹۵) یہ آسانی سے معلوم ہو سکتا ہے کہ زید کو کل روپیہ کا ۲ $\frac{۲}{۵}$ عمر کو $\frac{۱}{۴}$ بکر کو $\frac{۱}{۱۵}$ اور خالد کو $\frac{۱}{۶}$

ملیگا ∴ کل روپوں کا $\frac{1}{10}$ = کل روپوں کا جذر ∴ کل روپے = کل روپے کے جذر کا ۱۰ گنا
∴ کل روپیہ = ۶۰ × ۶۰ = ۳۶۰۰ ∴ زید کو ۳۶۰۰ × $\frac{2}{3}$ یا ۲۴۰۰ روپے عمر کو ۳۶۰۰ × $\frac{1}{4}$
یا ۹۰۰ روپے بکر ۳۶۰۰ × $\frac{1}{15}$ یا ۲۴۰ روپے اور خالد ۳۶۰۰ × $\frac{1}{10}$ یا ۶۰ روپے ملے ۔

(۹۶) اگر سڑک کی لمبائی ۱ فٹ ہوتی تو $\frac{2}{3}$ فٹ میں $\frac{2}{3}$ فٹ کا $\frac{1}{24}$ یا $\frac{1}{36}$ فٹ چڑھائی ہوتی اور باقی $\frac{1}{3}$ فٹ میں $\frac{1}{3}$ فٹ کا $\frac{1}{16}$ یا $\frac{1}{48}$ فٹ ہوتی ∴ اور گہاٹ کی بلندی دریا کی تہ سے $\frac{1}{36}$ + $\frac{1}{48}$ یا $\frac{7}{144}$ فٹ ہوتی

لہذا جب بلندی $\frac{7}{144}$ فٹ ہوتی ہے تو لمبائی ۱ فٹ ہوتی ہے
∴ 〃 ۱ فٹ ہوگی 〃 $\frac{144}{7}$ فٹ ہوگی
∴ 〃 ۱۴۰۰ 〃 〃 ۲۸۸۰۰ 〃 جواب

(۹۷) چونکہ ۱ آنہ ۳ پائی ۷ آنہ ۱ پائی میں $\frac{85}{15}$ مرتبہ شامل ہے لہذا جتنا چندہ ۱ امیر دیتا ہے وہ $\frac{85}{15}$ غریبوں کو دینے کے لئے کافی ہوتا ہے ∴ اگر امیر ۱ ہے تو غریب $\frac{85}{15}$ ہونے چاہئیں یعنی امیر اور غریبوں کی تعداد میں ۱ و $\frac{85}{15}$ یا ۱۵ و ۸۵ کی نسبت ہے لہذا اس میں ۱۵ امیر اور ۸۵ غریب ہیں ۔

(۹۸) ۱ مکعب انچ سونے اور چاندی کے وزن میں ۱۹ : ۱۱ یعنی ۱۹ اونس : ۱۱ اونس کی نسبت ہے لہذا ۱ مکعب انچ سونے اور چاندی کی قیمتوں میں (۳ پونڈ ۱۷ شلنگ ۱۰ پنس × ۱۹) : (۴ شلنگ ۱۰ پنس × ۱۱) یعنی ۱۷۴۶ پنس : ۴۳۸ پنس کی نسبت ہے اب ہمکو یہ سوال حل کرنا ہے کہ اگر ۱ مکعب انچ سونے کی قیمت ۱۷۴۶ پنس اور ۱ مکعب انچ چاندی کی ۴۳۸ پنس ہو تو بتاؤ ۱۷۴۶ پنس کی کتنے مکعب انچ چاندی آئینگی لہذا $\frac{1746}{438}$ مکعب انچ = وغیرہ ۳۹۸۵ر۳ مکعب انچ چاندی آئینگی ۔

(۹۹) ۴۲۵ روپئے = رقم مطلوبہ کی $\frac{2}{3}$ کا $\frac{1}{10}$ + رقم مطلوبہ کی $\frac{1}{3}$ کا $\frac{1}{8}$ = رقم مطلوبہ کا $\frac{1}{15}$ + رقم مطلوبہ کا $\frac{1}{24}$ = رقم مطلوبہ کا $\left(\frac{1}{15}+\frac{1}{24}\right)$ = رقم مطلوبہ کا $\frac{13}{120}$ ∴ رقم مطلوبہ = ۴۲۵ × $\frac{120}{13}$ = ۳۹۲۳ $\frac{1}{13}$ روپئے

(۱۰۰) اورجن کی قیمت کا ۱ = $\frac{1}{8}$ = ۲۲ روپئے ۸ آنہ ∴ اورجن کی قیمت = ۲۲ روپئے ۸ آنہ × $\frac{9}{9}$ = ۲۰ روپئے ∴ ۳ بٹ کی قیمت = ۲۰ × ۵۲ × ۳ = ۳۱۲۰ روپئے ∴ تیسرے بٹ کی قیمت = ۳۱۲۰ روپئے − ۱۲۰۰ روپئے − ۱۱۰۰ روپئے = ۸۲۰ روپئے

(۱۰۱) ۴۹ کوارٹر کی قیمت کی ۷ فیصدی + دیگر قسم کی قیمت کی ۱۱ فیصدی = ۴۹ کوارٹر کی قیمت کی ۹ فیصدی + دیگر قسم کی قیمت کی ۹ فیصدی + ۲ پونڈ ۱۰ شلنگ ۹ پنس ∴ دیگر قسم کی قیمت کی ۲ فیصدی = ۴۹ کوارٹر کی قیمت کی ۲ فیصدی + ۲ پونڈ ۱۰ شلنگ ۹ پنس = ۳ پونڈ ۱۲ شلنگ ۹ پنس × ۴۹ کا $\frac{2}{100}$ + ۲ پونڈ ۱۰ شلنگ ۹ پنس = $\frac{1421}{400}$ پونڈ + $\frac{203}{80}$ پونڈ = $\frac{609}{100}$ پونڈ یعنی دیگر قسم کی قیمت کا $\frac{2}{100}$ = $\frac{609}{100}$ پونڈ ∴ دیگر قسم کی قیمت = $\frac{609}{100}$ × $\frac{100}{2}$ = $\frac{609}{2}$ پونڈ اور اکوارٹر کی قیمت = ۳ پونڈ ۱۲ شلنگ ۹ پنس = $\frac{29}{8}$ پونڈ ∴ دیگر قسم کے گیہوں = $\left(\frac{609}{2} \div \frac{29}{8}\right)$ = ۸۴ کوارٹر ∴ کل گیہوں اُسنے ۴۹ + ۸۴ = ۱۳۳ کوارٹر بیچے۔

(۱۰۲)(۱) ۴۲۶ روپئے ۱۰ $\frac{2}{3}$ آنہ کا سود = ۷ $\frac{1}{2}$ × ۴ روپئے

یعنی $\frac{1280}{3}$ روپئے کا سود = ۳۰ روپئے

∴ ۱ 〃 = $\frac{3}{1280}$ × ۳۰ = $\frac{9}{128}$ روپئے

∴ ۱۰۰ 〃 = $\frac{900}{128}$ = ۷ $\frac{1}{32}$ روپئے

∴ اسکو ۷ $\frac{1}{32}$ فیصدی سود ملیگا۔

(۲) اس کے احصہ کی قیمت = ۴۲۶ روپئے ۱۰ ۲/۳ آنہ = ۱۲۸۰/۳ روپئے اب اگر اُسکو بیچکر وہ ۴ فیصدی والا اس المال خریدے تو اُسکو ۴۶۰ روپئے کا اس المال ملیگا جسپر ۴۶۰ × ۴/۱۰۰ یا ۹۲/۵ روپئے سود ملیگا

اب چونکہ ۱۲۸۰/۳ روپئے کا سود = ۹۲/۵ روپئے

∴ ۱ ″ = ۹۲/۵ × ۳/۱۲۸۰ = ۶۹/۱۶۰۰ روپئے

∴ ۱۰۰ ″ = ۶۹/۱۶ = ۴ ۵/۱۶ روپئے

∴ اُسکو ۴ ۵/۱۶ فیصدی سود ملیگا۔

(۱۰۳) پہلی صورت میں ۱ پونڈ سے ۶/۱۳۲ = ۱/۲۲ پونڈ آمدنی ہوتی ہے

(دوسری صورت میں ۱ ″ ۳/۹۳ = ۱/۳۱ پونڈ ″

∴ ۱ پونڈ پر ۱/۲۲ − ۱/۳۱ = ۹/۶۸۲ پونڈ کا فرق ہوتا ہے

اب ۹/۶۸۲ پونڈ کا فرق ۱ پونڈ پر ہوتا ہے

∴ ۱ ″ ۶۸۲/۹ پونڈ پر ہوگا

∴ ۱۰ ۴/۵ ″ ۶۸۲/۹ × ۵۴/۵ یا ۸۱۸ پونڈ ۸ شلنگ پر ہوگا جواب

(۱۰۴) پہلی صورت میں ۱ روپیہ پر ۵/۲ / ۱۰۸ = ۱۱/۲۱۶ روپیہ آمدنی ہوتی ہے

∴ ۲۱۶/۱۱ روپیہ پر ۱ روپیہ آمدنی ہوگی

دوسری صورت میں ۱ روپیہ پر ۶۰/۱۰۲۰ = ۱/۱۷ روپیہ آمدنی ہوتی ہے

∴ ۱۷ روپئے پر ۱ روپیہ آمدنی ہوگی

∴ اگر پہلے راس المال میں وہ ۲۱۶/۱۱ روپئے لگائے تو دوسرے میں اسکو ۱۷ روپئے لگانے چاہئیں تاکہ دونوں سے برابر آمدنی ہو یعنی سرمایہ مذکور ۲۱۶/۱۱ و ۱۷ یعنی ۲۱۶ و ۱۸۷ کی نسبت سے

لگانا چاہیے لہذا پہلے میں اُسکو ۱۲۹۶۰ روپے اور دوسرے میں ۲۲۰ روپے لگانے چاہئیں

(۱۰۵) پہلے سال اسکو ۱۰۰ پونڈ کے راس المال سے ۶ پونڈ - ۴ × ۶ پنس = ۶ پونڈ - $\frac{1}{10}$ پونڈ = $\frac{95}{10}$ پونڈ خالص آمدنی ہوتی ہے اور دوسرے سال ۶$\frac{1}{2}$ پونڈ - ۳ × ۶$\frac{1}{2}$ پنس = ۶$\frac{1}{2}$ پونڈ - $\frac{39}{480}$ پونڈ = $\frac{3081}{480}$ پونڈ ہوتی ہے ان دونو آمدنیوں کا فرق = $\frac{3081}{480}$ پونڈ - ۵$\frac{9}{10}$ پونڈ = $\frac{2449}{480}$ پونڈ

اب $\frac{2449}{480}$ پونڈ کی آمدنی کا فرق تو ۱۰۰ پونڈ کے راس المال پر ہوتا ہے

∴ ۲۴۹ ″ ۴۸۰۰۰ پونڈ کے راس المال پر ہوگا جواب

(۱۰۶) اسکی پہلے کی آمدنی = ۵۰۰ × $\frac{3\frac{1}{4}}{100}$ پونڈ + ۸۰۰ × $\frac{4\frac{3}{4}}{100}$ پونڈ = ۴۰$\frac{3}{4}$ پونڈ

دونو راس المالوں کی فروخت سے ۵۰۰ × $\frac{4\frac{8}{4}}{100}$ + ۸۰۰ × $\frac{95}{100}$ = ۱۰۰۰ پونڈ وصول ہوئے جن میں سے اُسنے ۲۵۰ پونڈ کے ٹریم وے کمپنی کے ۱۵۰ پونڈ کے ریلوے کمپنی کے اور ۶۰۰ پونڈ کے بنک کے حصے خریدے ٹریم وے کمپنی کے احصہ پر ۲۴ × $\frac{6}{100}$ = $\frac{36}{25}$ پونڈ سود ملتا ہے یعنی ۳۰ پونڈ پر $\frac{36}{25}$ پونڈ سود ملتا ہے ∴ ۱ پونڈ پر $\frac{6}{125}$ پونڈ ملیگا ∴ ۲۵۰ پونڈ پر ۲۵۰ × $\frac{6}{125}$ = ۱۲ پونڈ ملیگا کل سود ۴۰$\frac{3}{4}$ پونڈ + ۱۲$\frac{1}{4}$ پونڈ = ۵۳ پونڈ وصول ہونا چاہیے ∴ بنک میں جو ۶۰۰ پونڈ لگائے گئے ہیں اُن پر ۵۳ - ۱۲ = ۴۱ پونڈ سود ملنا چاہیے ∴ ۱۰۰ پونڈ پر $\frac{41}{4}$ = ۶$\frac{5}{6}$ پونڈ ملنا چاہیے یعنی بنک سے اسکو ۶$\frac{5}{6}$ فیصدی سود لینا چاہیے۔

(۱۰۷) جتنی دیر میں تیز رو گاڑی ۱ میل جاتی ہے اتنی دیر میں آہستہ رو $\frac{3}{4}$ میل طے کرتی ہے ∴ جتنی دیر میں تیز رو گاڑی ۱ میل طے کرتی ہے اتنی دیر میں وہ آہستہ رو سے $\frac{1}{4}$ میل زیادہ طے کرتی یعنی آہستہ رو گاڑی سے $\frac{1}{4}$ میل زیادہ طے کرنے کے لئے تیز رو گاڑی کو ۱ میل

چلنا پڑتا ہے ∴ ۱۲ میل زیادہ طے کرنے کے لئے اسکو ۴۸ میل چلنا پڑیگا۔

(۱۰۸) سونے اور چاندی کی ہم حجم مقداروں کے وزن میں ۱۹ : ۱۰ یا ۱۹ پونڈ : ۱۰ پونڈ کی نسبت ہے لیکن اگر ۱ پونڈ سونے کی قیمت ۲۰ پونڈ ہو تو ۱ پونڈ چاندی کی ۱ پونڈ ہوگی ∴ سونے اور چاندی کی ہم حجم مقداروں کی قیمتوں میں ۲۰ × ۱۹ پونڈ : ۱ × ۱۰ پونڈ یا ۳۸۰ پونڈ : ۱۰ پونڈ کی نسبت ہے لہذا چاندی کی ایک سلاخ کی قیمت جو جسامت میں ایک سونے کی سلاخ کے برابر ہے جسکی قیمت ۳۸۰ پونڈ ہے ۱۰ پونڈ ہوگی۔

(۱۰۹) ۱۲۷۱۶ روپئے − ۷۸۲۲ روپئے = ۵۸۹۴ روپئے ∴ ۵۸۹۴ روپیہ کی قیمت نقد جو اب سے ۱۲ مہینے کے بعد واجب الادا ہیں ۵۷۹۶ روپئے کی قیمت نقد کے برابر ہے جو ۸ مہینے میں واجب الادا ہیں چونکہ ۵۸۹۴ روپئے − ۵۷۹۶ روپئے = ۹۸ روپئے لہذا ۵۷۹۶ روپئے کی قیمت نقد (جو اب سے ۸ مہینے بعد واجب الادا ہیں) کا ۴ ماہ کا سود = ۹۸ روپئے

∴ ۸ مہینے کا سود = ۱۹۶ روپئے ∴ ۵۷۹۶ روپئے (جو اب سے ۸ ماہ بعد واجب الادا ہیں) کی قیمت نقد = ۵۷۹۶ روپئے − ۱۹۶ روپئے = ۵۶۰۰ روپئے اب ۵۶۰۰ روپئے کا ۴ مہینے کا سود = ۹۸ روپئے ∴ ۱۰۰ روپئے کا ۴ ماہ کا سود = $\frac{98}{56}$ روپئے = $\frac{7}{4}$ روپئے ∴ ۱۰۰ روپئے کا سال کا سود = $\frac{21}{4}$ روپئے = ۵ $\frac{1}{4}$ روپئے ∴ شرح سود فیصدی = ۵ $\frac{1}{4}$

(۱۱۰) ۱۰۰ روپئے : ۱۰۵۱۲ $\frac{1}{2}$ روپئے :: ۱۰۰ $\frac{1}{4}$ روپئے : جواب ∴ جواب = ۱۰۵۳۸ روپئے ۱۲ آنہ ۶ پائی

(۱۱۱) بڑے بیٹے کے حصے کا $\frac{2}{5}$ = بیوی کے حصہ کا $\frac{1}{4}$

∴ بڑے بیٹے کا حصہ = بیوی کے حصہ کا $\frac{5}{4}$

چھوٹے بیٹے کے حصہ کا $\frac{2}{8}$ = بیوی کے حصہ کا $\frac{1}{3}$

∴ چھوٹے بیٹے کا حصہ = بیوی کے حصہ کا $\frac{8}{9}$

اور بیٹی کے حصہ کا $\frac{1}{2}$ = بیوی کے حصہ کا $\frac{1}{3}$

∴ بیٹی کا حصہ = بیوی کے حصہ کا $\frac{2}{3}$

لہذا اُن کے حصوں میں ۱ : $\frac{5}{6}$: $\frac{8}{9}$: $\frac{2}{3}$ یا ۱۸ : ۱۵ : ۱۶ : ۱۲ کی نسبت ہے لہذا بیوی کو ۱۴۵۰۸ روپئے بڑے بیٹے کو ۱۲۰۹۰ روپئے چھوٹے کو ۱۲۸۹۶ روپئے اور بیٹی کو ۹۶۷۲ روپئے ملنے چاہئیں۔

(۱۱۲) ۱۲ ہنڈرویٹ جو کی قیمت بشرح ۳ پونڈ فی ہنڈرویٹ = ۱۳×۳ = ۳۹ پونڈ اگیلن شراب کی قیمت بشرح اضافہ شدہ ۱× $\frac{60}{56}$ = $\frac{15}{14}$ شلنگ ∴ ۱۰ بیرل کی قیمت = ۳۶۰× $\frac{15}{14}$ شلنگ = ۱۹$\frac{2}{7}$ پونڈ ∴ ب کو ۳۹ پونڈ − ۱۹$\frac{2}{7}$ پونڈ یا ۱۹$\frac{5}{7}$ پونڈ نقد دینے چاہئیں۔

(۱۱۳) اگر وہ ہر سال ۸۶ $\frac{1}{4}$ روپئے لگائے تو دو سال کے بعد ۸۶ $\frac{1}{4}$ × ۲ روپئے + ۱۲ روپئے یا ۱۸۴ $\frac{1}{2}$ روپئے ہو جائینگے ∴ ۱۸۴ $\frac{1}{2}$ روپیہ کا قرضہ ادا کرنے کے لئے اسکو ۸۶ $\frac{1}{4}$ روپئے ہر سال لگانے چاہئیں ∴ ۱۰۵۷۲ روپئے کا قرضہ ادا کرنے کے لئے $\frac{86\frac{1}{4} \times 2 \times 1057}{184\frac{1}{2}}$ یا ۴۹۴۲ $\frac{8}{41}$ روپئے ہر سال لگانے چاہئیں۔

(۱۱۴) اصلی بہاؤ کی قوت ہوا کی مزاحمت سے ۴ گنی تھی اصلی بہاؤ کی قوت ہوا کی مزاحمت سے دوچند زیادہ تھی اب بہاؤ کی قوت پہلی مزاحمت سے ۶ گنی ہے لیکن اب ہوا کی مزاحمت پہلے سے ۱$\frac{1}{2}$ گنی ہو گئی ہے ∴ اب بہاؤ کی قوت پہلی مزاحمت سے (۶ − ۱$\frac{1}{2}$) یا ۴$\frac{1}{2}$ گنی زیادہ ہے لہذا بہاؤ کی قوتوں میں ۲ : ۴$\frac{1}{2}$ کی نسبت ہے لیکن جو بہاؤ کی قوتوں میں نسبت ہے وہی گاڑی کی رفتاروں میں ہے ∴ ۲ : ۴$\frac{1}{2}$ :: ۲۰ میل : جواب ∴ جواب = ۴۵ میل فی گھنٹہ

(۱۱۵) ۳ : ۲ :: ۲۴ × ۶ گھنٹے : جواب ∴ جواب = ۹۶ گھنٹے ∴ اگنبوٹ کو مدراس پہنچنے کے لئے ۹۶ گھنٹے چلنا چاہئے لیکن وہ ۱۸ گھنٹے روز چلتا ہے ∴ اسکو $\frac{۹۶}{۱۸}$ یا ۵ $\frac{۱}{۳}$ دن لگینگے ∴ اگنبوٹ جہاز سے $\frac{۲}{۳}$ دن یعنی ۱۶ گھنٹے پہلے پہنچیگا۔

(۱۱۶) ۲۰ و ۴۰ و ۶۰ و ۸۰ کا ذواضعاف اقل = ۲۴۰ ∴ ہر حصے میں اتنے صفحے ہونے چاہئیں کہ ۲۴۰ پر پورے تقسیم ہوجائیں ∴ کل کتاب میں اتنے صفحہ ہونے چاہئیں کہ ۲۴۰ × ۴ یا ۹۶۰ پر پورے تقسیم ہوجائیں لیکن چونکہ اسمیں ۹۰۰ اور ۱۰۰۰ کے درمیان صفحے ہیں ∴ اس کتاب میں ۹۶۰ صفحے ہیں ∴ ہر ایک حصہ میں ۲۴۰ صفحے ہیں ∴ کل کتاب میں $\frac{۲۴۰}{۲۰}$ + $\frac{۲۴۰}{۴۰}$ + $\frac{۲۴۰}{۶۰}$ + $\frac{۲۴۰}{۸۰}$ = ۱۲ + ۶ + ۴ + ۳ = ۲۵ باب ہیں۔

(۱۱۷) ۲۰ ایکڑ کی قیمت خرید = ۲۵ × ۲۰ = ۵۰۰ پونڈ ∴ باقی کو بیچکر اسکو ۵۰۰ پونڈ + ۲۰۰ پونڈ = ۷۰۰ پونڈ نفع ہوتا ہے اب ۱۲ $\frac{۱}{۲}$ پونڈ نفع تو ۱ ایکڑ پر ہوتا ہے ∴ ۷۰۰ پونڈ ۵۶ ایکڑ پر ہوگا ∴ اسنے ۵۶ ایکڑ زمین بیچی ہے ∴ اسنے (۵۶ + ۲۰) یا ۷۶ ایکڑ زمین خریدی تھی۔

(۱۱۸) چاول کے ایک پیمانہ کی قیمت $\frac{۱}{۲}$ روپئے سے گھٹکر $\frac{۱}{۱۰}$ روپیہ رہگئی ہے ∴ ایک پیمانہ پر ($\frac{۱}{۲}$ − $\frac{۱}{۱۰}$) یا $\frac{۳}{۵}$ روپئے کی بچت ہوتی ہے لیکن کل بچت ۱ $\frac{۱}{۲}$ روپیہ ہوتی ہے ∴ ۱ $\frac{۱}{۲}$ روپیہ ÷ $\frac{۳}{۵}$ روپیہ = $\frac{۳}{۲}$ × $\frac{۷۰}{۳}$ = ۳۵ چاول کے پیمانے ماہواری خرچ ہونگے

(۱۱۹) ۲ $\frac{۱}{۲}$ آنہ : ۱ $\frac{۷}{۸}$ آنہ :: ۴۰ سیر : جواب ∴ جواب = ۳۰ سیر

(۱۲۰) پہلی ششماہی میں وہ $\frac{۱}{۴}$ پونڈ پر ۱ پنس اور دوسری میں $\frac{۱}{۳}$ پونڈ پر ۱ پنس ٹیکس دیتا ہے ∴ اسکی ششماہی آمدنیوں میں $\frac{۱}{۴}$ پونڈ : $\frac{۱}{۳}$ پونڈ یا ۳ : ۴ کی نسبت ہے ∴ پہلی ششماہی کی آمدنی اسکی ۳۰۰ پونڈ اور دوسری کی ۴۰۰ پونڈ ہے لہذا اسکی خالص آمدنی سالانہ = ۳۰۰ × $\frac{۲۳۶}{۲۴۰}$ + ۴۰۰ × $\frac{۲۳۷}{۲۴۰}$ = ۲۹۵ پونڈ + ۳۹۵ پونڈ = ۶۹۰ پونڈ۔

(۱۲۱) ۲۳۶۵ روپئے — ۱۵۰۰ روپئے = ۸۶۵ روپئے = ۱۹۰ روپئے ∴ ۶۷۵ روپئے مزدوری وغیرہ میں خرچ ہوئے ہیں جس میں اگر کوئی جرمانہ لیا گیا ہے تو وہ بھی شامل ہے لیکن ۳۰ دن کی مزدوری = ۳ × ۴۰ × ۳۰ آنہ = $\frac{7}{32}$ × ۴۰ × ۳۰ روپئے = ۲۶۲ $\frac{1}{2}$ روپئے ∴ ۶۷۵ روپئے — ۲۶۲ $\frac{1}{2}$ روپئے یا ۴۱۲ $\frac{1}{2}$ روپئے جو میعاد مقررہ کے بعد کام ہوا ہے اسکی مزدوری اور جرمانہ وغیرہ میں خرچ ہوئے ہیں لیکن ۱ دن کی مزدوری اور جرمانہ = ۳ $\frac{1}{2}$ آنہ × ۴۰ + ۱۰ روپئے = ۱۸ $\frac{3}{4}$ روپئے ∴ میعاد معینہ کے علاوہ ۴۱۲ $\frac{1}{2}$ روپئے ÷ ۱۸ $\frac{3}{4}$ روپے = $\frac{825}{2}$ × $\frac{4}{75}$ = ۲۲ روز اور کام ہوا ہے ∴ اُن مزدوروں نے کل (۳۰ + ۲۲) یا ۵۲ روز کام کیا ہے۔

(۱۲۲) کل نفع میں سے ب کی تنخواہ ۱۴۴۰ روپئے نکال لینے کے بعد باقی جو نفع بچے اسکو ا اور ب میں برابر تقسیم کرنا چاہئے اسطرح سے ب کو باقی نفع کا آدھا اور ۱۴۴۰ روپے ملینگے اور وہ ا کو ۲۲۵۰ روپئے نصف سرمایہ کا سود دیگا لیکن ۲۲۵۰ روپئے ۱۴۴۰ روپئے سے بقدر ۸۱۰ روپئے کے زیادہ ہیں ∴ ب کو دراصل باقی نفع کے آدھے سے ۸۱۰ روپئے کم اور ا کو ۲۲۵۰ روپئے زیادہ ملینگے لہذا ا کو ب سے ۲۲۵۰ + ۸۱۰ یا ۳۰۶۰ روپئے زیادہ ملینگے لیکن ا کا حصہ ب کے حصہ سے دگنا ہے ∴ ا کو ۳۰۶۰ × ۲ روپئے اور ب کو ۳۰۶۰ روپئے ملینگے ∴ کل نفع = ۳۰۶۰ × ۲ روپئے + ۳۰۶۰ روپئے = ۹۱۸۰ روپئے۔

(۱۲۳) روپیہ کی کم سے کم اور فرینک کی زیادہ سے زیادہ قیمت رکھو ∴ ۵۰۰ روپئے = اسٹرلنگ ۹ پنس × ۵۰۰ = ۱۰۵۰۰ پنس = ۱۰۵۰ فرینک۔

(۱۲۴) $\frac{1}{2}$ انچ قطر کی گولی کی جسامت = $\frac{4}{3}$ × ۳٫۱۴۱۶ × ($\frac{1}{4}$)³ مکعب انچ = $\frac{1309}{200000}$ مکعب انچ اور چونکہ ۱ ÷ $\frac{1309}{200000}$ = ۱۵ $\frac{365}{1309}$ لہذا $\frac{1309}{200000}$ مکعب انچ ۱ مکعب انچ میں ۱۵ $\frac{365}{1309}$ مرتبہ شامل ہے ∴ ۱۵ گولیاں بنینگی اور $\frac{1309}{200000}$ کا $\frac{365}{1309}$ یعنی

$\frac{۷۳}{۴۰۰۰}$ مکعب انچ مٹی باقی بچیگی۔

(۱۲۵) چونکہ نقد دینے میں ۱۰ فیصدی کم قیمت لیجاتی ہے لہذا ۱ اسکو ۲۷ پونڈ کے نوٹ کی ۹۰ فیصدی یعنی ۲۴ پونڈ ۶ شلنگ کا نوٹ دینا پڑیگا اور چونکہ نوٹ پر ۱۰ فیصدی بٹا لگتا ہے لہذا نقد ۹۰ پونڈ = ۱۰۰ پونڈ کے نوٹ کے ∴ ۹ پونڈ نقد = ۱۰ پونڈ کے نوٹ کے ∴ ۲۷ پونڈ نقد = ۳۰ پونڈ کے نوٹ کے لہذا سودا گر اسکو ۳۰ پونڈ − ۲۴ پونڈ ۶ شلنگ یا ۵ پونڈ ۱۴ شلنگ کا نوٹ واپس دیگا۔

(۱۲۶) نصف حوض = پہلے گھنٹے میں جتنا پانی نکلا ہے اس کے تگنے سے (۱۰۰ + ۲۰۰) گیلن کم

